عملیات اولیاء





ملنے کا پتے

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عملیات اولیاء

فیوض و برکات

حضرت مولانا شاہ عزیز احمد چشتی قادری مداری مدظلہ العالی

ناشران

شیراز نوری بک ڈپو نئی دہلی

فہرست مضامین عملیاتِ اولیاء

وظائف و عملیات	صفحہ
دیباچہ	
باب (۱)	
تسخیر حکام و محبوب حاکم کی تسخیر کے لئے	۹
معجز نما سرمہ	۹
سورہ الم ترکیف کا عمل	۱۰
نادِ علی شریف	۱۰
۲۰ کا نقش مکرم	۱۱
حُب کا عمل	۱۲
تسخیر کا عمل	۱۳
تسخیر خلائق کا عمل	۱۳
باب (۲)	
دستِ غیب و ترقیٔ روزگار	۱۵
دستِ غیب کا عمل	۱۵
ترقیٔ روزگار کا عمل	۱۶
دستِ غیب کا آسان عمل	۱۷
فراخیٔ رزق کا عمل	۱۸
ادائیگی قرض کا عمل	۱۹
حضرت خواجہ باقی باللہ دہلوی کا ختم شریف	۱۹
خاندانِ رزاقیہ کا عمل	۲۰
دکان میں ترقی کا عمل	۲۰
زراعت میں ترقی	۲۱
ترقیٔ رزق کا عمل	۲۱
دستِ غیب کا آسان عمل	۲۲
بست در بست کا تعویذ	۲۲
حضرت میاں راج شاہ کا عمل	۲۳
حضرت مولانا شاہ عبدالرزاق فرنگی محلی کا عمل	۲۴
فراخیٔ رزق کے لئے وظیفۂ غوثیہ	۲۵
عزت و روزگار کی ترقی کا عمل	۲۵

وظائف و عملیات	صفحہ
افلاس دور کرنے کا عمل	۲۵
زراعت اور باغ کی حفاظت	۲۶
افلاس و تنگدستی کے دو عمل	۲۶
رزق میں برکت اور فتوحات	۲۷
سورہ انا انزلنا کا عمل	۲۷
غیب سے رزق حاصل کرنیکا عمل	۲۸
باب (۳)	
مقاصد میں کامیابی اور عمل مشکلات	۲۹
غوث پاک کے گیارہ اسمائے مبارک	۲۹
مقدمہ میں کامیابی	۳۰
چہل کاف شریف	۳۱
یٰسین شریف کا عمل	۳۲
مصیبتوں سے رہائی کیلئے وظیفہ	۳۲
مشکلات حل کرنے کے لئے دو عمل	۳۳
نادِ علی شریف کا عمل	۳۴
یٰسین شریف سے غیبی امداد	۳۴
حضور خواجہ غریب نواز کی مناجات	۳۵
صلوٰۃ الاسرار	۳۶
حاجت روائی کے لئے وظیفہ	۳۷
مصیبت اور تباہی کا علاج	۳۷
نقشبندی بزرگوں کا وظیفہ	۳۸
باب (۴)	
امراض جسمانی کا روحانی علاج	۳۹
تپ ولرزہ اور درد نیم سر	۳۹
تپ ولرزہ کے لئے تعویذ	۴۰
درد، ورم اور درد ناف	۴۱
چار یار پنجتن پاک کا نقش کالی کھانسی درد گوش	۴۲
ناک میں درد، چیچک اور باری کا بخار	۴۳

وظائف وعملیات	صفحہ
ضعف بصارت، وضع حمل، صفرا کی زیادتی	۴۴
بچھو کا زہر، بدخوابی، جادو، سحر	۴۵
زخم پھوڑا، اختلاج قلب، ہر قسم کا درد	۴۶
تپ دق، طاعون، سوزاک	۴۷
نظر بد، تسہیل وضع حمل	۴۸
حفاظتِ حمل کیلئے گنڈہ	۴۸
قرحہ، مثانہ، بچے کا رونا	۴۹
تمام بیماریوں کا علاج آشوب چشم	۵۰
دردزہ مرگی	۵۱
بانجھ عورت کے لئے حضرت بابا	۰
فرید گنج شکر کا نقش	۵۱
آنکھ کا درد مرگی گزیدہ	۵۲
وبائی امراض	۵۳
باب ۵	
آسیب اور بلاؤں کا دفعیہ	۵۴
آسیب زدہ مکان میں جن اور بھوت کا اثر	۵۴
آسیب زدہ کا مجرب علاج	۵۵
آسمانی بلاؤں کا دفعیہ آسیب کو جلانے کا نقش	۵۵
جن کا دفعیہ بھوت پلید کو جلانے کا نقش	۵۶
آسیب کو بھگانے کیلئے اذان	۵۷
حضرت خواجہ محمد سلیمان تونسوی کا ارشاد	۵۷
اصحاب کہف کے اسماء مبارک	۵۸
آسیب کو جلانے کے لئے نقش	۵۸
آسیب زدہ کیلئے عمل قادری	۹۵
باب (۶)	
میاں بیوی کے عملیات	۶۰
بدچلن شوہر کی اصلاح	۶۰
بدمزاج شوہر کی تسخیر	۶۰
نافرمان بیوی کی اصلاح زن و شوہر میں محبت	۶۱
شوہر کی آوارگی کا علاج	۶۱
زن و شوہر میں محبت کے لئے نقش	۶۲
شوہر کے غصہ کا علاج	۶۲
زن و شوہر میں محبت کیلئے نقش	۶۳

وظائف وعملیات	صفحہ
میاں بیوی میں محبت	۶۴
شوہر کو مطیع کرنے کا عمل	۶۴
بیوی کو مطیع کرنے کا عمل	۶۵
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا نادر عمل	۶۵
میاں بیوی کی محبت کے لئے	۶۶
بدچلن شوہر کے لئے عمل	۶۶
شوہر کی آوارگی چھڑانے کیلئے عمل	۶۷
باب ۷	
مقہوری اعداء کے عملیات	۶۸
سورہ لایلاف کا عمل	۶۸
دشمن کے خوف سے حفاظت	۶۹
برائے دفع دشمن	۶۹
دشمنوں کی شکست کیلئے تعویذ	۷۰
دشمن کی خواری کے لئے نقش	۷۱
دشمن کی خواری کیلئے مجرب عمل	۷۲
ختم خواجگان چشتیہ	۷۳
رباعی حضرت شیخ شہاب الدین سہروردی	۷۴
نادعلی شریف	۷۵
دشمن کو پیار کرنے کا نقش	۷۵
باب (۸)	
مال کی ترقی اور چوروں سے حفاظت	
صندوق میں رکھنے کے لئے تعویذ	۷۷
چور کو اندھا کرنے کے لئے تعویذ	۷۸
انار کے پھول کا عمل	۷۸
تہہ خانے کی حفاظت	۷۹
مال میں برکت کیلئے سورہ اخلاص	۸۰
باب (۹)	
متفرق عملیات	۸۰
درازیٔ عمر کیلئے ذکر شطاری	۸۱
عمر و صحت کے لئے نماز	۸۲
استخارہ کا بہترین عمل	۸۳
استخارہ حضرت شاہ ولی اللہ رحؒ	۸۴
ختم حضرت مرزا جان جاناں شہیدؒ	

وظائف وعملیات	صفحہ
حضرت شاہ سلیمان تونسوی کا وظیفہ	۸۶
بواسیر کے لئے عمل	۸۶
جذام کے لئے عمل	۸۷
شب قدر معلوم کرنیکا طریقہ	۸۷
مفرور کی واپسی کے لئے	۸۷
چہرے کی روشنی کے لئے	۸۸
مفرور کے لئے استخارہ	۸۸
باب ۱۰	
اولیائے کرام کے ختم اور طریق	
فاتحہ	۸۹
ترتیب فاتحہ غوث الاعظمؒ	۸۹
حضرت مخدوم رودولوی کا ختم	۹۰
کندوری حضرت شیخ نصیر الدین چشتی	۹۱
حضرت خواجہ محمد معصوم نقشبندی کا ختم	۹۱
توشہ حضرت سرکار بانسہ	۹۲
وظیفہ نام پاک حضرت شیخ شمس الدین ترکؒ	۹۲
وظیفہ نام پاک حضرت مخدوم رودلوی	۹۳
باب (۱۱)	۹۴
اسمائے الٰہی اور موکلوں کی زکوٰۃ	۹۴
حروف تہجی کے موکلوں کے نام	
طریقہ زکوٰۃ	۹۶
مثلث پُر کرنیکا طریقہ	۹۷
مربع پُر کرنے کا طریقہ	۹۸
تعویذ لکھنے کے اوقات	۹۹
عملیات کے لئے ساعتیں	۱۰۰
ستاروں کی ساعات کا نقشہ	۱۰۱
موزوں ساعتیں	۱۰۲
ستاروں کے بخورات	۱۰۳
حروف تہجی کے اعداد	۱۰۳

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

اسلام وہ مذہب ہے جس کے دامن میں دین و دُنیا کے تمام خزائن پوشیدہ ہیں۔ اگر ایک طرف اسلام کا مکمل ترین ضابطۂ حیات قیامت تک مادہ پرست دُنیا کے لئے رُشد و ہدایت کا سرچشمہ ثابت ہوگا اور آفات و مصائب کی طوفانی ہوائیں کبھی اسلام کی شمع عظمت کو گُل نہ کر سکیں گی تو دوسری جانب اس کے رُوحانی تصرفات اور اولیائے کرام کے فیوض و برکات کا سمندر جو ہر دور میں متلاطم رہا ہے بحکم خدا روزِ ابد تک خشک نہ ہو سکے گا۔

آج مسلمانوں کو صدق دل سے یقین ہے کہ اُن کی تمام دینی و دُنیاوی امراض کا علاج اسلام اور صرف اسلام کے دامن میں پوشیدہ ہے۔ مادہ پرستی کے موجودہ دور میں بھی لوگوں کو مذہب کی تلاش ہے اور ان کے قلوب ایک نئی مذہبی رُوح بیدار ہونے کے لئے کروٹیں بدل رہے ہیں۔

دُعا مرد مومن کے ہاتھ میں سب سے بڑا حربہ ہے۔ جس کی مدد سے وہ کونین کو آشنائے لرزش کر سکتا ہے جو دُعا صدق و خلوص کیساتھ کی جائے۔

وہ کبھی خالی نہیں جاتی ۔ دُنیا کی کونسی بلا ہے جسے ایک مسلمان اپنی دُعا کی طاقت سے رد نہیں کرسکتا اور برکات وحسنات کا کونسا قفل ہے جسے وہ اس کلیدِ بے بہا کی مدد سے کھول نہیں سکتا ۔ انسان کے اعمال غضب الٰہی سے سلب ہوسکتے ہیں ۔ اس کی مادی کوششیں مشیّتِ ایزدی سے رائیگاں جاسکتی ہیں ۔ لیکن دُعا ہی وہ چیز ہے جسے اللہ تعالیٰ کبھی رَدّ نہیں فرماتا ۔ قرآن مجید میں خداوند کریم کا وعدہ ہے اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ یعنی تم مجھ سے دُعا کرو میں قبول کروں گا ۔ ساتھ ہی رب العزت نے مسلمانوں کو دُعا کے لئے تاکید فرمائی ہے اور فرمایا ہے وَاسْئَلُوا اللّٰہَ مِنْ فَضْلِہٖ یعنی تم اللہ تعالیٰ سے اس کا فضل مانگو ۔ ترغیب دُعا کے لئے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو بہت سی دُعائیں بھی بتائیں اور اُن کے آداب سے بھی آگاہ کیا ہے حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اسئلوا اللّٰہ وَاَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ (تم اللہ تعالیٰ سے دُعا مانگو اس یقین کے ساتھ کہ وہ قبول ہوگی) حضور نے دُعا مانگنے کا طریقہ اس طرح بتایا ہے (اِسئلوا اللّٰہ بِبُطُوْنِ اَکُفِّکُمْ) تم اللہ تعالیٰ سے ہاتھ پھیلا کر دُعا اس طرح مانگو کہ تمہاری ہتھیلیاں تمہارے چہرے کی جانب ہوں ۔

حضور غوث الثقلین غوث الاعظم سیدنا حضرت محی الدین عبدالقادر جیلانی فتوح الغیب شریف میں ارشاد فرماتے ہیں ۔

لَا تَقُلْ لَا اَدْعُو اللّٰہَ فَاِنْ کَانَ مَا اَسْئَلُہٗ

مَقْسُوْمًا لِیْ فَسَیَاْتِیْنِیْ اِنْ سَاَلْتُہٗ اَوْلَمْ

اَسْئَلْہُ وَاِنْ کَانَ غَیْرَ مَقْسُوْمٍ

فَلَا یُعْطِینِی بِسُؤَالِی بَلْ اَسْئَلُہٗ جَمِیْعَ مَا

تُرِیْدُ وَ تَحْتَاجُ اِلَیْھَا مِنْ خَیْرِ

الدُّنْیَا وَالْآخِرَۃِ مَالَمْ یَکُنْ

فِیْہِ مُحَرَّمٌ وَ مُفْسِدَۃٌ ۔

(یہ مت کہہ میں اللہ تعالیٰ سے دعا نہیں کروں گا کیونکہ اگر کوئی چیز میرے مقدر میں ہے تو چاہے میں دعا کروں یا نہ کروں مجھے مل کر رہے گی اور اگر میرے مقدر میں نہیں ہے تو وہ چیز دعا سے نہ ملے گی ۔ بلکہ تو اللہ تعالیٰ سے ہر اس چیز کا سوال کر جس میں تیرے لئے دنیا و آخرت کی بھلائی ہو اور تو اس کا ارادہ رکھتا ہو اور تجھے اس کی ضرورت ہو بشرطیکہ دعا کا تعلق حرام اور فتنہ و فساد کی باتوں سے نہ ہو)

اگر دعا کی مقبولیت میں تاخیر ہو تو اس سے مایوس ہونا مرد مومن کی شان نہیں ۔ ہمیں ارشادِ نبویؐ کے مطابق یقین کرنا چاہیے کہ ہماری دعا جلد یا بدیر قبول ضرور ہوگی اور ہم جو چیز اپنے رب سے طلب کر رہے ہیں اگر وہ علم خداوندی میں ہماری بہتری کے لئے نہ ہوگی تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں ہمیں اور کوئی بہتر نعمت عطا فرمائے گا یا ہماری بہت سی بلاؤں اور مصیبتوں کو دور کر دے گا ۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ۔

اِنَّھَا بدل مسئلتک الَّتِیْ سَأَلْتَھَا فِیْ دَارِ الدُّنْیَا ۔

(مومن قیامت کے دن اپنے نامۂ اعمال میں کچھ ایسی نیکیاں دیکھے گا جو اس نے دُنیا میں نہ کی تھیں اور نہ وہ اُن نیکیوں سے واقف تھا۔ اُس سے پوچھا جائے گا کہ کیا ان نیک کاموں سے واقف ہے؟ مومن جواب دے گا کہ میں نہیں جانتا یہ نیکیاں میرے نامۂ اعمال میں کس طرح درج ہوگئیں۔ اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا۔ یہ نیکیاں اُن دُعاؤں کے بدلے میں ہیں جو تُونے دُنیا میں مانگی تھیں۔

حضور سرکارِ دوعالمؐ نے ارشاد فرمایا ہے۔

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ (یعنی دُعا عبادت کا مغز ہے) مسلمانوں کو چاہیے کہ رسولؐ پاک کے اس ارشاد کو اپنے لئے شمع ہدایت سمجھیں اور دُنیا و آخرت کی تمام نیک باتوں کے لئے اللہ تعالیٰ سے ہر وقت خشوع و خضوع سے دُعا مانگ کر اس کے فضل و کرم کے مُستحق ثابت ہوں۔

کلام و اسمائے الٰہی کی تاثیر

اللہ تعالیٰ کے مقدس کلام اور اس کے پاک ناموں میں بہت بڑی تاثیر پوشیدہ ہے۔ حضور سرکار دوعالمؐ نے سورۂ فاتحہ کو بہت سے امراض کی دوا بتایا ہے اور احادیث کے مطابق جادو، سحر اور نظر بد وغیرہ میں سورۂ فلق اور سورۂ والناس کی تلاوت اکسیر کا حکم رکھتی ہے حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم سے ادائیگی قرض و شفائے امراض کیلئے بعض دیگر

دُعائیں بھی منقول ہیں جنہیں مناسب موقعوں پر درج کیا جائے گا۔

اسمائے الٰہی کی تاثیر بھی مسلّمات سے ہے اور مردانِ باخدا نے انکی طاقت سے دین و دُنیا کی مُرادیں حاصل کی ہیں۔ بہت سی دُعائیں ایسی ہیں جو اولیائے کرام نے کلامِ الٰہی اور اسمائے حسنہ کی مدد سے مُرتّب کی ہیں۔ جنہیں پڑھنے سے اللہ تعالیٰ اپنے عاجز و پریشان بندوں کی حاجت روائی فرماتا ہے اولیائے کرام کے کچھ وظائف ایسے بھی ہیں جو انہیں کسی وقتِ خاص میں اللہ کی جانب سے عطا ہوئے اور ان کی عجیب و غریب تاثیرات سے دُنیا متحیّر رہ گئی۔ میں نے کوشش کی ہے کہ اس کتاب میں سب ہی قسم کے وظائف و ادعیہ شامل کر دیئے جائیں تاکہ اس کی افادیت کا دائرہ وسیع تر ہو جائے۔

پاکستان ایک نیا ملک ہے یہاں ابھی کتابوں کی بہت کمی ہے۔ اکثر اصحاب مستند وظائف اور دُعاؤں کی تلاش میں سرگرداں رہتے ہیں۔ لیکن اُنہیں دستیاب نہیں ہوتیں۔ میں نے اپنی کتاب میں ان وظائف اور دُعاؤں کو قصداً نظر انداز کر دیا ہے جو عام طور پر مروّج ہیں بلکہ صرف وہ جواہر گراں مایہ منتخب کئے ہیں جو نادر و نایاب ہیں اور جن کی ضرورت مندوں کو درحقیقت تلاش ہے۔ میری دُعا ہے کہ یہ کتاب مسلمانوں کے لئے مفید و باعثِ خیر و برکت ثابت ہو۔ (آمین)

(مؤلف)

باب ۱

تسخیر حُکام و محبُوب

(۱) اگر عدالت میں مقدمہ ہو تو اُنگلی سے پیشانی پر بائیں جانب سے بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ؕ اس طرح لکھے کہ " م " کو کان کے برابر سے کھینچتا ہوا رُخسار اور ٹھوڑی پہ لائے اور پھر بائیں رُخسار کی جانب سے بائیں کنپٹی سے ملا دے پھر حاکم کے سامنے جائے۔ حاکم مہربان ہو جائے گا۔ بِسۡمِ اللّٰہِ لکھنے کے وقت سے حاکم کے سامنے جاتے وقت کسی سے بات نہ کرے۔

معجزنما سُرمہ

(۲) سورۃ الحمد شریف باوضو اکیس مرتبہ پڑھ کر سُرمہ پر دَم کرے اور سُرمہ آنکھوں میں لگا کر عدالت میں جائے حاکم مہربان ہو جائے گا۔

تسخیرِ حُکّام

(۳) سورہ اَلَمْ تَرَ کَیْفَ اکیس مرتبہ پڑھ کر ہتھیلیوں پر دم کرے اور دونوں ہاتھوں کو چہرہ، دونوں بازو اور پیٹھ پر پھیرے اگر بدمزاج حاکم کے سامنے بھی جائے گا تو مہربان ہو جائے گا۔ اور جس مقصد کے لئے جائے گا۔ اُس میں کامیابی ہوگی۔

نادِ علی شریف کامل

(۴) تسخیر خلائق کے لئے نادِ علی اکسیر ہے اس کی مدد سے دُنیا کے ہر جائز کام میں کامیابی حاصل کی جاسکتی ہے۔ نادِ علی شریف حسب ذیل ہے۔

نَادِ عَلِیًّا مَظْهَرَ الْعَجَائِبْ

تَجِدْهُ عَوْنًا لَّكَ فِی النَّوَائِبْ

كُلُّ هَمٍّ وَّ غَمٍّ سَيَنْجَلِیْ بِنُبُوَّتِكَ

یَا مُحَمَّدُ بِوَلَایَتِكَ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ یَا عَلِیُّ

گیارہ مرتبہ روزانہ ورد میں رکھنا بے بہا نعمت ہے تسخیر حکام کے لئے گھر سے باہر نکلتے وقت ایک دفعہ پڑھ لے (اوّل و آخر درود شریف) جب حاکم کے سامنے پہونچے تو تین مرتبہ اوّل و آخر درود شریف کے ساتھ آہستہ پڑھ کر حاکم کی جانب دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ تمام جائز مقاصد میں کامیابی نصیب ہوگی۔ جائز محبت میں بھی نادِ علی شریف

اس طریقہ سے پڑھنا اکسیر ہے۔ مگر یاد رکھنا چاہیئے یہ وظیفہ جلالی ہے۔ اگر اسے کبھی ناجائز مقصد کے لئے پڑھا گیا تو پڑھنے والے کو سزا ملے گی

بیس ۲۰ کا نقش مکرم

تسخیر امراء و حکام۔ محبوب اور فتوحات کیلئے بہت مجرب اور تیر بہدف ہے۔

۱۰	۲	۸
۴	۷	۹
۶	۱۱	۳

ترکیب یہ ہے کہ عروج ماہ پنجشنبہ کو روزہ رکھے اوّل آخر سو سو مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ یا بُدُوح پڑھے بعد فراغت اکتالیس نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے۔ بعدہٗ روزانہ پانچ سو ایک ہزار نقش لکھ کر گولیاں آٹے کی بنا کر دریا میں ڈالا کرے جب ایک لاکھ پچیس ہزار تعداد پوری ہو پھر اسی طرح ایک روز اسم مذکور پڑھے اس کے بعد جس وقت جس شخص کو یہ نقش جس کام کے واسطے لکھ کر دے گا۔ فوراً مدعا حاصل ہوگا۔ تعویذ لکھتے وقت یا بُدُوح کہتا رہے۔ تا ختم چلّہ بعد اختتام نقش لکھے ایک اسم مذکور پڑھے اور ہر نماز کے بعد ہمیشہ اکیس بار روزانہ پڑھ لیا کرے۔ احتیاط کے مطابق قواعد معلوم کرنا لازم اور

ضروری ہے۔

حُب کا عمل

(۶) عروجِ ماہ میں ہفتہ کا دن گزر جانے کے بعد رات کو تھوڑی مٹھائی لائے۔ اور داہنی بغل میں لے کر سو رہے صبح اتوار کو جب نیند سے بیدار ہو تو نمازِ فجر ادا کرنے کے بعد یہ آیہ شریفہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر شیرینی پہ دم کرے اوّل و آخر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور بدمزاج بیوی یا محبوب کو کھلا دے انشاء اللہ تعالیٰ اس کے سخت دل میں محبت کی لہر دوڑ جائے گی آیہ شریفہ حسب ذیل ہے۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ ۝

اس عمل کی بار بار آزمائش ہوئی صرف جائز محبت کیلئے عمل کرنا چاہیے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے۔

(۷) تسخیر کے لئے بے پناہ عمل ہے۔ سات خوشبودار پھول لے کر پھول پر سات سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کرے۔

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمَانَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ

ہر مرتبہ آیت کے آخر میں مطلوب اور طالب کا نام اس طرح لے

اُحِبُّ فلاں بن فلاں علی الحُبّ فلاں بن فلاں

یہ پھول جس مرد یا عورت کو سنگھا دے وہ مسخر ہو جائے۔

★

تسخیر کا عمل

تسخیر کے لئے حسب ذیل عمل بہت مجرب ہے اتوار یا منگل کو ہُدہُد ذبح کر لے اور اس کی زبان پر اکیس مرتبہ حسب ذیل کلمات دم کر کے گوشت کے ساتھ پکا لیا جائے۔ جس شخص کو یہ زبان کھلا دی جائے گی وہ مسخر ہو جائے گا۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۝

ھمرعوس ۔ دی توس ۔ مسھعوس ۔ مکحوس ۔ بطلب فلاں بن فلاں ۔ علیٰ حب فلاں بن فلاں ۔

تسخیر خلائق کا عمل

حکام و محبوب اور ہر شخص کی تسخیر کے لئے حسب ذیل عمل بہت آزمودہ اور بے ضرر ہے۔ اس کی مدد سے آپ جس شخص کو چاہیں مسخر کر سکتے ہیں۔

ترکیب یہ ہے کہ آپ عروجِ ماہ میں چہارشنبہ کو روزہ رکھیں اور پاک و صاف کپڑے پہن کر خوشبو لگا کر نماز عشاء کے بعد سو جائیں۔ صبح پنجشنبہ کو نماز فجر کے بعد کپڑوں پر عطر ملیں اور خوشبو لگا کر یہ وظیفہ گیارہ سو اکیس مرتبہ (۱۱۲۱) پڑھیں یا جبرائیل یا دردائیل یا رفتمائیل یا تنکفیل سخرنی قلوب مخلوقات جمیع بنی آدم و بنات حوا حاضر لیس بغائب

اُحْضِرُوْنِیْ وَالْمُسَخَّرَاتِ یَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ بِحَقِّ یَا بُدُّوْح یَا

ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ بِرَحْمَتِكَ یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ بِحَقِّ

کٓھٰیٰعٓصٓ ۔ حٰمٓ عٓسٓقٓ ۔

اسی طرح روزانہ گیارہ سو اکیس (۱۱۲۱) مرتبہ یہ وظیفہ چالیس دن تک پڑھتا رہے چلہ کے دوران میں نماز کی پابندی کرے ۔ گناہوں سے بچے اور گائے کا گوشت ۔ انڈا ، مچھلی ، پیاز ، لہسن ، دُودھ ، دہی ، سرکہ وغیرہ نہ کھائے ۔ چلہ پورا ہو جانے کے بعد کسی خاص پرہیز کی ضرورت نہیں ۔ جس عورت یا مرد کو مسخّر کرنا ہو تو اکتالیس مرتبہ وظیفہ پڑھ کر اس کا نام کاغذ پر لکھے اور پتھر کے نیچے دبا دے وہ بیقرار ہو کر حاضر ہوگا اور حکم کی اطاعت کرے گا ۔ جس شخص کو یہ دُعا کھانے کی چیز پر دم کر کے دی جائے وہ بھی مسخّر ہو جائے گا ۔

باب ۲

دستِ غیب، ادائیگی قرض، ترقی روزگار

۱۰۔ دستِ غیب کے لئے عجیب وغریب عمل ہے۔ مگر اس میں احتیاط اور پرہیز کی بہت ضرورت ہے ورنہ نقصان کا اندیشہ ہے جس مہینے میں چاند، برج ثور، اسد، عقرب، دلو میں ہو تو ساتویں رات کو ٹھیک آٹھ بجے باوضو ہو کر بستر پہ اس طرح لیٹ جائے کہ چاند بالکل نظر کے سامنے ہو۔ نصف چاند کے درمیانی نقطہ کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھے اور جہاں تک ممکن ہو سکے پلک نہ جھپکائے۔ ایک گھنٹہ تک چاند کو دیکھتا رہے اور یہ وظیفہ پڑھتا رہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

يَا بَدَائِعَ الْعَجَائِبِ اَنْتَ فِيْ ذَاتِ الْهَوَا

آٹھویں شب کو بھی یہی عمل کرے لیکن وقت کی قید نہیں ہے خواہ آٹھ بجے شروع کرے۔ خواہ نو بجے۔ لیکن تنہائی اور سکون کی شرط ہے۔

چاند کی ۱۲ر تاریخ تک ہر روز یہ عمل کرتا رہے۔ اس کے بعد چاند کی بائیس تاریخ سے رات کا عمل چھوڑ دے اور صبح وشام آفتاب طلوع اور غروب ہوتے وقت سورج سے نصف گھنٹہ نظر لڑا کر یہی وظیفہ

پڑھتا رہے۔ دوسرے مہینہ جب چاند کی ساتویں تاریخ ہو تو سورج کو دیکھنا ترک کر دے اور پھر چاند سے نظریں لڑا کر ایک گھنٹہ تک یہی عمل کرتا رہے۔ تیسرے مہینہ ایک شفاف شکل آسمان سے اترتی ہوئی نظر آئے گی۔ چند روز بعد ایک خوب صورت نوجوان عمدہ پوشاک میں آسمان سے اُتر کر سامنے آجائے گا اس سے ڈریں نہیں بلکہ سلام کا جواب دے کر اس سے دوستی کا اقرار کر لیں اور اپنی جائز ضرورت کے مطابق ایک رقم مقرر کر کے اس نوجوان سے جو آسمانی مؤکل ہے وعدہ لے کر کہ تم مجھے اتنے روپے روزانہ خرچ کے لئے دیدیا کرو مؤکل وعدہ کر کے غائب ہو جائے گا۔ لیکن جس رقم کا وعدہ کرے گا تکیہ کے نیچے روزانہ مل جایا کرے گی۔ عامل کو یاد رکھنا چاہئے کہ وہ اپنے جائز خرچ سے زیادہ رقم مقرر نہ کرے۔ ورنہ لالچ بری بلا ہے۔ عمل کے دوران میں نجس چیزوں اور حرام افعال سے بچنا چاہئے۔ گائے کا گوشت، انڈا، مچھلی اور لہسن وغیرہ چیزیں استعمال نہ کریں۔ کپڑے پاک و صاف رہیں عمل کے وقت اگر چاند پہ ابر آجائے تو تھوڑی دیر انتظار کریں۔ اگر ابر کا ہٹنا ممکن نہ ہو تو چاند کے مقام پر نظریں جمائیں اور یہ خیال کریں کہ اس کی نظر چاند کے ابر میں سوراخ کر کے چاند کو دیکھ رہی ہے۔ عمل سے پیشتر ہمیشہ ہلکی غذا کھائیں اور دماغ کو غیر خیالات سے پاک رکھیں۔

ترقی روزگار

اگر روزگار نہ چلتا ہو یا روزگار کی تلاش ہو اور کوئی صورت نظر نہ آتی ہو تو عروج

ماہ میں ہفتہ کے دن روزہ رکھے اور رات کو بالکل خالی مکان میں آسمان کے نیچے کھڑے ہو کر برہنہ سر ایک ہزار مرتبہ یَا وَہَّاب کھڑے ہو کر پڑھے۔ اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ سات دن تک یہ عمل کرے آٹھویں دن اللہ کے حکم سے روزگار مل جائے گا یا موجودہ کاروبار میں ترقی ہو گی۔

دستِ غیب کا آسان عمل

نوچندی جمعرات کو سورج نکلنے سے پہلے حسب ذیل تعویذ لکھ کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں چھپائے دُوسرے دن اُسی وقت دوسرا تعویذ لکھ کر سر میں رکھے اور پُرانا تعویذ ٹوپی یا پگڑی سے نکال کر گولی بنالی جائے۔ اسی طرح روزانہ لگاتار چالیس دن تک یہ عمل کرے۔ اکتالیسویں دن غیب سے کچھ رقم روزانہ ملنا شروع ہو جائے گی اس رقم میں بتدریج اضافہ ہوتا رہے گا۔ لیکن اگر غیبی امداد کو حرام کام میں صرف کرے گا یا کسی کو راز بتائے گا تو رقم ملنی بند ہو جائے گی۔

تعویذ حسب ذیل ہے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	ٹکے ۱۶ روزانہ	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

فراخیٔ رزق

(۱۳) اگر کوئی شخص رزق کی تنگی سے پریشان ہو تو اس کو چاہیے کہ رحمت خداوندی سے مایوس ہونے کے بجائے حسب ذیل عمل کرے۔

نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور پانی سے افطار کرے نماز عشار قدرے تاخیر سے پڑھ کر علیحدہ کمرہ یا کوٹھری میں باوضو گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور تین سو تیرہ مرتبہ سورۂ فلق کی تلاوت کرے اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر بارگاہِ رب العزت میں سربسجود ہو اور ترقیٔ رزق کی دعا مانگے۔ تین رات یہی عمل کرے۔ اللہ تعالیٰ رزق میں برکت عطا فرمائے گا اس کے بعد یہ سورۂ شریف کثرت سے پڑھا کرے۔

ادائیگی قرض و ترقیٔ رزق

(۱۴) قرض ادا ہونے اور رزق میں ترقی کے لئے حسب ذیلِ متبرک دعا بہت مجرب ہے روزانہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ اکیس ۲۱ مرتبہ نماز فجر یا نماز عشار کے بعد پڑھا کرے۔

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

وَاغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ۔

انشاراللہ تعالیٰ قرض ادا ہو جائے گا اور رزق میں بہت فراخی ہوگی۔

اولیائے نقشبندیہ کا عمل

(۱۵) یہ عمل سلسلہ نقشبندیہ کے بزرگوں سے منقول ہے اور اس کی برکت و حرمت سے اکثر پریشان حال بندگانِ خدا کا افلاس دُور ہوا ہے اور اُنہیں فارغ البالی حاصل ہوئی ہے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا كَافِيْ يَا غَنِيُّ يَا رَزَّاقُ يَا فَتَّاحُ

یہ اسمائے حسنہ بلا تعین تعداد اُٹھتے بیٹھتے چلتے پھرتے بحالت وضو پڑھتا رہے چند روز کے بعد مفلسی انشاء اللہ تعالیٰ دُور ہو جائے گی۔

حضرت خواجہ باقی باللہ کا ختم شریف

(۱۶) برصغیر پاکستان و ہند میں سلسلۂ عالیہ نقشبندیہ کے سب سے بڑے پیشوا اور حضرت مجدد الف ثانی کے پیر و مرشد سیدنا حضرت خواجہ باقی باللہ نقشبندی اویسی دہلوی کا ختم شریف رزق کی ترقی کے لئے بہت مجرب ہے اس کی برکت سے اللہ تعالیٰ بہت سی آفتوں اور پریشانیوں سے محفوظ رکھتا ہے نماز مغرب کے بعد ایک سو مرتبہ پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط

يَا بَاقِيْ اَنْتَ الْبَاقِيْ

اوّل و آخر درود شریف اس کے بعد سیدنا حضرت خواجہ باقی باللہ قدس اللہ سرہ العزیز اور دیگر خواجگان نقشبندیہ کا واسطہ دیکر اللہ تعالیٰ

سے حصولِ مقصد کی دعا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی حاصل ہوگی۔

خواجگانِ نقشبندیہ کی ارواح پر ایصالِ ثواب پہونچانا چاہیئے۔

(۱۷) خاندانِ رزّاقیہ کا عمل

سیّد السادات قطب الآفاق سیدنا حضرت شاہ عبدالرزاق قادری بانسوی علیہ الرحمت کے سلسلہ میں ترقیٔ رزق کے لئے یہ عمل بہت مجرّب اور تیر بہدف ہے۔ اسے پڑھنے والا حکمِ خدا سے کبھی ننگا بھوکا نہیں رہ سکتا۔

سنتِ فجر کے بعد یا "رزّاق" ایک سو مرتبہ (اوّل و آخر درود شریف)

فرضِ فجر کے بعد "یا غفار" ایک سو مرتبہ (اوّل و آخر درود شریف)

" یا عزیز" تین سو مرتبہ (اوّل و آخر درود شریف)

دکان میں ترقّی کا تعویذ

اگر دکان میں فروخت کم ہو تو حسب ذیل تعویذ لکھ کر دکان پر چسپاں کرے بہت جلد خیر و برکت کے آثار ظاہر ہونگے۔

۶۷	۶۴	۶۰	۷۴
۶۲	۷۳	۶۸	۶۳
۷۲	۶۲	۶۶	۶۹
۶۵	۷۰	۷۱	۶۳

زراعت میں ترقی

(۱۸) اگر حسب ذیل اسمائے مبارکہ کاغذ کے چار ٹکڑوں پر تحریر کر کے کھیت یا باغ کے چاروں گوشوں میں دفن کر دے تو حکم خدا سے پیداوار میں بہت اضافہ ہوگا۔

۷۸۶

یَا لُوْمَنَا　　یَا سَلُوْمَنَا　　یَا سَلِیُوْمَنَا

یَا فَمُوْسَا　　بحقِّ اَهِیْمُ　　اَشْوَاهِبًا

ترقی رزق کا بے نظیر عمل

پنجاب کے ایک قادری بزرگ سے ترقیٔ رزق اور فتوحات کا حسب ذیل نادر عمل حاصل ہوا ہے جس کی آزمائش بے شمار ضرورت مندوں نے کی اور وہ حکمِ خدا سے کامیاب ہوئے۔

ہر نماز کے بعد ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھا کرے۔

اللہ میرے دم وچ

محمد میرے کم وچ

اللہ کرم کرے گا ایک گھڑی دے دم وچ

اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

دستِ غیب کا آسان عمل

(۲۰) نوچندی جمعرات کو روزہ رکھے اور خرمہ یا کشمش سے افطار کرے بعد نمازِ مغرب ایک سو اکیس مرتبہ پڑھے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پھر نمازِ عشاء کے بعد کسی سے بات نہ کرے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتے پڑھتے سو جائے۔ صبح نمازِ فجر کے بعد ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم صدق دل سے پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف پھر اس طرح تعویذ لکھ کر موم جامہ کرکے بازو پر باندھ لے۔

ب س م ا ل ل ا ہ ا ل ر ح م ا ن ا ل ر ح ی م

یہ تعویذ باندھ کر جس شخص کے پاس جائے گا اس کے دل میں عزت ہوگی اور اللہ تعالیٰ رزق اور روزگار کی صورتیں غیب سے پیدا کرے گا۔ یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرنا چاہیئے۔

بست در بست کا نقش

(۲۱) ترقیٔ روزگار اور فلاحِ دین و دنیا کے لئے حاجت مندوں کو بست در بست کے اس نادر و نایاب نقش معظم کی تلاش رہتی ہے۔ مگر دستیاب نہیں ہوتا۔ آپ اس سے فائدہ اُٹھائیں



پہلے اس نقش کی زکوٰۃ دینا چاہیئے۔ طریقہ یہ ہے کہ روزانہ پانچ سو نقش زعفران سے لکھ کر آٹے میں گولیاں بنائے اور دریا میں ڈالدے ایک سو بیس دن یعنی چار ماہ تک یہی عمل کرتا رہے۔ زکوٰۃ ادا ہو جائیگی اس کے بعد یہ تعویذ لکھ کر اگر فقیر بھی بازو پہ باندھے تو غنی ہو جائے جس شخص کو بھی یہ نقش معظم لکھ کر دیا جائے فائدہ ہوگا۔

حضرت میاں راج شاہ کا عمل

(۲۲) سوندھ شریف (میوات) کے مشہور بزرگ فردالوقت ہیں حضرت میاں راج شاہ صاحب سے ایک مرید نے عرض کیا کہ میں بہت تنگدست ہوں آپ نے اُسے پڑھنے کے لئے حسب ذیل وظیفہ بتایا۔

دو صبح کی دو شام کی اے میرے گوپالا
اس میں بھی کمی کرے تو لے یہ اپنی مالا

پڑھنے کی ترکیب یہ تھی کہ تسبیح ہاتھ میں لے کر وظیفہ پڑھے اور جب

"دے یہ اپنی مالا" کہے تو تسبیح ہاتھ سے رکھ دے تعداد کا تعین نہیں۔ اوّل آخر درود شریف حضرت میاں راج شاہ صاحب کے مرید نے چند روز یہ وظیفہ پڑھا۔ اور ان کی مالی پریشانیاں اللہ کے حکم سے دُور ہوگئیں۔

عملِ رزّاقی

(۲۳) فرنگی محل لکھنؤ کے نامور بزرگ پیشوائے عشاق حضرت مولانا عبدالرزاق رحمۃ اللہ علیہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ نماز پنجگانہ کی سنتوں میں جو حسب ذیل سورۃ پڑھنے کی مداوت کرے گا اس کے لئے اللہ تعالیٰ رزق کا دروازہ کشادہ کرے گا۔

(۱) فجر کی سنتوں میں پہلی رکعت میں قُل یَآاَیُّھَا الکٰفِرُوْنَ اور دُوسری میں قُلْ ھُوَاللّٰہُ۔

(۲) فرض کے پہلے ظہر کی چار سنتوں میں چاروں قل حسب ترتیب فرض کے بعد دوسنتوں میں قُلْ اَعوذ بِرَبِّ الفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ۔

(۳) مغرب، کی دونوں سنتوں میں قُلْ یَآاَیُّھَا الکٰفِرُوْن اور قُلْ ھُوَاللّٰہُ احدٌ۔

(۴) فرض عشاء کے بعد دوسنتوں میں قُل اَعُوْذُ بِرَبِّ الفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ

رزق میں فراخی کیلئے وظیفہ غوثیہ

(۲۴) بسلسلہ عالیہ قادریہ کے بزرگوں میں ترقی روزگار کیلئے حسب ذیل وظیفہ مجرّب ہے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

اَلْمُحِیطُ الرَّبُ الشَّھِیدُ الحَسِیبُ الفَعَّالُ الخَالِقُ البَارِیُ اَلْمُصَوِّرُ۔

ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ اوّل و آخر درود شریف

عزّت و روزگار کی ترقی کا عمل

(۲۵) نو محرّم کو جو شخص چھ سو مرتبہ بسم اللہ شریف لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ اُس کے روزگار میں ترقی ہوگی اور عزّت بڑھے گی۔

افلاس دُور کرنے کا عمل

(۲۶) جو شخص رات کو سوتے وقت آیۃ الکرسی اور سورۂ بقرہ کی آخری آیات پڑھے۔ اگر وہ مفلس ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو بہت جلد غنی کر دے گا۔

★

زراعت اور باغ کی حفاظت

(۲۷) جس کھیت یا باغ میں حسب ذیل دُعا کاغذ پر لکھ کر درختوں پر لٹکا دی جائے تو اس کھیت و باغ کی پیداوار میں اضافہ ہوگا اور ٹڈی کے حملوں سے حفاظت ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ○

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّیْ اَشْهَدُ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ الَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اِلَّا هُوَ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ

اور اس کو پڑھ کر دُعا کرے تو بھی انشاء اللہ تعالیٰ قبول ہوگی۔

افلاس دُور کرنے کا عمل

(۲۸) نمازِ عشاء کے بعد روزانہ گیارہ سو مرتبہ یَا مُغْنِیُ پڑھنے سے مفلسی دُور ہو جاتی ہے۔

تنگدستی کیلئے

(۲۹) روزانہ نمازِ فجر کے بعد سورۂ مزمل شریف دس مرتبہ پڑھنے

سے تنگ دستی دُور ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ رزق کے دروازے کھول دیتا ہے۔

رزق میں برکت کیلئے

(۳۰) نمازِ ظہر کے بعد سورۃ مریم کی تلاوت سے رزق میں برکت ہوتی ہے اور افلاس دُور ہوتا ہے۔

فتوحات کیواسطے عمل

(۳۱) عروج ماہ میں اتوار سے شروع کرے جو وقت مناسب ہو اُسے مقرر کر کے سورۃ الحمد شریف ۴۹ مرتبہ اس ترکیب سے پڑھے۔ جب اِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَ اِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ پر پہونچے تو سات مرتبہ تکرار کرے اوّل وآخر درود شریف۔ اسی طرح اکیس دن عمل کرے۔ فتوحات کثیر ہوں گی۔ اور اللہ تعالیٰ غیب سے دے گا۔ مگر یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے کہ کیا پڑھتا ہوں۔

افلاس کا رُوحانی علاج

(۳۲) بدھ کو سورج نکلنے سے پہلے انار کے سات پھول توڑ کر ہر پھول پر سات سات مرتبہ سورۃ اِنَّآ اَنۡزَلۡنَا پڑھ کر دم کرے اور پھول

دریا میں ڈال دے واپسی میں پیچھے پلٹ کر نہ دیکھے۔ سات دن تک یہی عمل کرے۔ غیب سے رزق کا سامان ہوگا۔

★

رزق غیب سے حاصل ہو

(۳۴) نوچندی جمعرات کو چنبیلی کے تین پھول نمازِ عصر کے بعد درخت سے توڑے اور پھول پر وَوَجَدَكَ عَائِلاً فَاَغْنٰی سات سو تین ۷۰۳ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور پھول کسی پرانی قبر پہ ڈال دے۔ اکیس ۲۱ دن یہ عمل کرے۔ رزق غیب سے ملے گا۔

باب ۳

مقاصد میں کامیابی اور مشکلات سے نجات

غوث پاک کے گیارہ نام

(۲۴) اگر کسی کو کوئی مہم سخت در پیش آئے تو اسمائے گرامی ذیل گیارہ بار پڑھے اور ہر روز گیارہ بار اضافہ کرتا جائے جب تک کہ اُس کی مُراد پوری نہ ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ ہفتہ عشرہ میں مہم اُس کی پوری ہوگی ۔ وقت اور جگہ معین ہو اور ایک نشست سے پڑھے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

۱- الٰہی بحرمتِ پیرانِ پیر سید محی الدین عبدالقادر جیلانی ؒ

۲- الٰہی بحرمتِ مخدوم عبدالقادر جیلانی ؒ

۳- الٰہی بحرمتِ مولانا عبدالقادر جیلانی ؒ

۴- الٰہی بحرمتِ سلطان عبدالقادر جیلانی ؒ

۵- الٰہی بحرمت شاہ عبدالقادر جیلانی ؒ

۶ - الٰہی بحرمتِ سید عبد القادر جیلانی رح

۷ - الٰہی بحرمتِ قطبِ ربانی عبد القادر جیلانی رح

۸ - الٰہی بحرمتِ مسکین عبد القادر جیلانی رح

۹ - الٰہی بحرمتِ درویش عبد القادر جیلانی رح

۱۰ - الٰہی بحرمتِ شاہِ شاہان عبد القادر جیلانی رح

۱۱ - الٰہی بحرمتِ غوثِ دوران عبد القادر جیلانی رح

الٰہی بحرمت وعزت نامہائے معظم ومکرم حاجتِ ایں ناچیز (اس جگہ حاجت زبان پر لائے) درماندہ گنہگار برآوردہ بحرمتِ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمدٍ وازواجہٖ و آلہٖ واصحابہٖ اجمعین برحمتک یا ارحم الراحمین ۔

★

مقدمہ میں کامیابی

(۳۵) اگر کسی سخت مقدمہ میں ماخوذ ہو اور بظاہر بریت کی اُمید نہ ہو تو یہ درود شریف کثرت سے پڑھے ۔ انشاء اللہ کامیابی ہوگی ۔

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا رَسُوْلَ اللّٰہ

اَغِثْنَا ۔ یَا رَسُوْلَ الثَّقَلَیْن ۔ اَنْتَ حَقٌّ مُنِیْبُ اللّٰہ

چہل کاف شریف

(۳۶) مصائب اور رنج و غم سے نجات حاصل کرنے کیلئے چہل کاف شریف کا ورد مجرب ہے روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھے اول و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ۔

کَفَاكَ رَبُّكَ كَمْ يَكْفِيكَ وَاكِفَةٌ يَكْفُكَهَا كَانَّهَا كَمِينٌ كَانَ مِنْ نَّكَكِ

کافی ہے تم کو پروردگار تمہارا اکثر کفایت کرے از روئے حادثہ کے

تَكِرُّ كَرًّا كَكَرِّ الْكَرِّ فِي كَبَدٍ تَحْكِي مُشَكْشَكَةً كَلُكْلُكٍ لَكَكِ

کہ چھپا اس کو چھپے ہوئے شکار کے لپٹنے اسی جگہ میں کھینچتا ہے چھری تیز مانند شجر کے

كَفَاكَ مَا بِي كَفَاكَ الْكَافِ كُرْبَتَهُ يَا كَوْكَبًا كَانَ يَحْكِي كَوْكَبَ الْفَلَكِ

کہ پیچھے سے مارے کافی ہے خاص کر تجھ کو اسی چیز سے اور کفایت کرتا ہے

تجھ کو باز رکھنے سے اندر جگہ کے اے ستارہ دل میرے کا کہ مشابہت رکھتا ہے تو ستارے آسمان روشنی میں

چہل کاف شریف حضور غوث الاعظم سید محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہ العزیز کی تصنیف ہے اور اس کی مداومت سے بندگانِ خدا کو بہت فیض پہونچا ہے۔

سخت مشکل سے نجات

(۳۷) اگر کوئی سخت مشکل لاحق ہو اور نجات کی صورت نظر نہ آئے تو ۹ محرم الحرام کو نماز مغرب کے بعد قرآن شریف کی ہر سطر پر اول سے آخر تک انگشتِ شہادت پھیرو اور بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھو۔ کیسی ہی

سخت مشکل ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ حل ہو جائے گی بہت مجرّب ہے۔

یٰسین شریف کا بے نظیر عمل

(۳۸) جب سخت پریشانیاں دامنگیر ہوں عزت خطرے میں ہو روزگار کی حالت ابتر ہو یا دشمنوں نے ستا رکھا ہو تو حسب ذیل عمل تمام مصیبتوں سے نجات حاصل کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

عروجِ ماہ میں پنجشنبہ کو رات کے بارہ بجے پاک وصاف کپڑے پہن کر باوضو یٰسین شریف پڑھو "ہر مبین" پر ایک مرتبہ سورۃ مزمّل شریف اور سات مرتبہ اَلَمْ تَرَكَيْفَ تا حصول مقصد پڑھتے رہو۔ اوّل و آخر درود شریف ضروری ہے۔ اگر سخت ترین مشکل بھی ہوگی تو اللہ تعالیٰ حل فرمائے گا۔

مُصیبتوں سے رہائی

(۳۹) مصیبتوں اور پریشانیوں سے نجات حاصل کرنے کیلئے حسب ذیل وظیفہ بہت مجرّب ہے، تعداد مقرر کئے بغیر پڑھے۔

سہل یَا اِلٰہِی کُلَّ صَعْبٍ

بِحُرْمَتِ سَیِّدِ الْاَبْرَارِ سَھِّلْ

اوّل و آخر درود شریف

حل مہمات کیلئے

(۴۰) اگر کوئی دشوار کام درپیش ہو اور اُسے حل کرنے کی کوئی صُورت نظر نہ آتی ہو نماز فجر کے بعد ایک سو مرتبہ صدق و خلوص سے پڑھے یَا كَافِيَ الْمُهِمَّاتِ ۔ اوّل و آخر درود شریف ۔ انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر دشواریاں آسان ہو جائیں گی ۔

مُصیبتوں سے نجات پانے کا عمل

(۴۱) اگر مصیبتوں نے گھیرا ہو تو حسب ذیل عمل کرے ۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مصیبتوں کے بادل چھٹ جائیں گے اور ہر مقصد میں کامیابی ہوگی سات دن تک روزانہ نماز فجر کے بعد کاغذ کے سات ٹکڑوں پر حسب ذیل دُعا لکھے اور آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈال دے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ؕ

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحِيْمِ اللّٰهُ الملكُ الْحَقُّ المبين من عبد الذليل الى ربى الجليل رَبِّ انى مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اگر پانی مغرب کی جانب بہتا ہو تو زیادہ فائدہ مند ہے ۔

رنج و غم کیلئے نادِ علی شریف

(۴۲) رنج و غم سے نجات حاصل کرنے کے لئے نادِ علی شریف کا ورد اکسیر ہے جب سَیَنْجَلِیْ کُلُّ ھَمٍّ وَّ غَمٍّ پڑھے تو تصوّر کرے کہ اس کے اسباب رنج و غم دُور ہو رہے ہیں۔

غیبی امداد کیلئے یٰسین شریف کا عمل

(۴۳) نوچندی جمعرات کو قبل از نمازِ صبح غسل کر کے سفید و معطّر کپڑے پہنے عطر گلاب ہو تو بہتر ہے۔ لوبان اور اگربتی سلگائے۔ نمازِ صبح ادا کرے اس کے بعد مصلّے پہ بیٹھ کر سو مرتبہ درود شریف پڑھے اور ثواب بروحِ پاک حضور سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی نذر کرے اور یٰسین شریف شروع کرے۔ جب "مبین" آئے تو یہاں چھوڑ دے۔ دوبارہ شروع کرے ساتویں مرتبہ برابر پڑھتا چلا جائے۔ اسی طرح ایک مرتبہ روزانہ پڑھے۔ ہر مشکل کام میں غیب سے مدد ہوگی۔

★

مُناجَات

حضور خواجہ غریب نوازؒ

(۲۴) سلطان الہند غریب نواز حضرت خواجہ سید معین الدین حسن چشتی سنجری اجمیریؒ کی یہ مناجات تمام حاجات دینی و دنیاوی کے لئے اکسیر ہے وقت مقررہ پر روزانہ ایک مرتبہ اوّل و آخر درُود شریف ۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لاالہ الا اللہ ، بزرگی و جباری ۔ لاالہ الا اللہ رحیمی و غفاری ۔ لاالہ الا اللہ مرا بخلق نہ گذاری ۔ لاالہ الا اللہ محمد رسول اللہ الٰہی بحرمت و برکت شش ہزار شش صد و شصت ہزار و ہشتاد و شش کلمات قرآن الٰہی بحرمت و برکت حروف مقطعات قرآن الٰہی بحرمت و برکت سی صد و لبست و یک لاکھ و یک ہزار و شش صد و نو دونہ حروف قرآن الٰہی بحرمت و برکت نو دونہ نام باری تعالیٰ ۔ الٰہی بحرمت و برکت ملائکہ مقربین الٰہی بحرمت و برکت اصحاب رسولؐ اللہ ۔ الٰہی بحرمت و برکت ازواجِ رسولؐ اللہ ۔ الٰہی بحرمت و برکت ہفتاد و مرد نجبا ۔ الٰہی بحرمت و برکت چہل مرد ابدال ۔ الٰہی بحرمت و برکت ہفت مرد اوتاد ۔ الٰہی بحرمت و برکت یک مرد غوث ۔ الٰہی بحرمت و برکت یک مرد قطب ۔ الٰہی بحرمت

و برکت شہدائے اُمت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم الہیٰ بحرمت و برکت جمیع علماء و فقہاء الہیٰ بحرمت و برکت جمیع زہاد و عباد۔ الہیٰ بحرمت و برکت جمیع مشائخانِ طریقت رحمتہ اللہ علیہم اجمعین۔ خداوندا ملکا بادشاہا حاجات دینی و دنیاوی من بندہ را بہ نظرِ خود راست آر با جمیع مسلمان۔ آمین رب العالمین برحمتک یا ارحم الراحمین۔

مقصد برآری کیلئے

صلوٰۃ الاسرار

(۵۸) تمام مشکلات و مصائب سے نجات حاصل کرنے کے لئے صلوٰۃ الاسرار یا نماز ہدیہ غوثیہ بہت مفید ہے۔

ترکیب یہ ہے

کہ نماز مغرب یا عشاء کے دو رکعت نفل اس ترکیب سے پڑھے کہ ہر رکعت میں الحمد کے بعد قل ھو اللہ گیارہ مرتبہ سلام پھیر کر درود شریف پڑھے اور اس کا ثواب حضور غوث الاعظم سید محی الدین عبدالقادر جیلانی قدس اللہ سرہٗ العزیز کی رُوح مبارک پر ایصال کرے اور کہے۔ یَا مُغِیْثُ اَغِثْنِیْ یَا مُمِیْدُ امددنی
بحرمت و عزت حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ
بعد ازاں اپنی مقصد برآری کے لئے دُعا کرے! اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے اس کی مراد جلد پوری ہو گی۔

حاجت روائی کیلئے

وظیفہ

(۴۶) مقصد و حاجت برآری کے لئے نماز ظہر کے بعد دوسو مرتبہ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ سات دن پڑھنا مجرب ہے۔ اوّل و آخر درود شریف۔

مُصیبت اور تباہی کا علاج

(۴۷) حضرت مولانا عرفان شاہ صاحب چشتی نظامی مینائی کا عطیہ ہے کہ جب کوئی شخص مُصیبت اور تباہی کے گرداب میں پھنس جائے تو نمازِ عشاء کے بعد یہ ظیفہ صدق دل سے ایک سوگیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے اوّل و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

فَحُکْمِیْ نَافِذٌ فِیْ کُلِّ حَالٍ قول ہے تیرا

بدل دے میرا حالِ زار یا محبوب سُبحانی

انشاء اللہ تعالیٰ گیارہ دن کے اندر مقصد برآری ہوگی حسب استطاعت گیارہ روپیہ، گیارہ آنے یا گیارہ پیسوں کی شیرینی پہ حضور غوث پاکؒ کی نیاز دلائے اور معصوم بچوں کو تقسیم کردے۔

نقشبندی بزرگوں

کا

وظیفہ

(۴۸) جب کوئی شخص بہت پریشان ہو جائے اور کوئی تدبیر ذہن میں نہ آئے تو نمازِ مغرب کے بعد ایک سو مرتبہ روزانہ پڑھے۔

یَا دَلِیلَ الْمُتَحَیِّرِیْن

اوّل و آخر درود شریف

باب ۴

امراض کا رُوحانی علاج

★

تپ و لرزہ

(۴۹) ہر قسم کے تپ و لرزہ کے لئے حسب ذیل اسماء لکھ کر جوتے میں رکھلے اور تھوڑی دیر بعد نکال کر تین تین مرتبہ جوتے مارے اور پھر پاؤں میں رکھلے۔

شدّاد تک نمرود تک فرعون تک

دردِ نیم سر

(۵۰) آدھاسیسی کے درد میں مندرجہ ذیل آیہ شریف لکھ کر مریض کے سر پر باندھ دے۔ بحکم خدا بہت جلد فائدہ ہوگا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۝

لَا يَرَوْنَ فِيهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيرًا تعویذ لکھنے کے ساتھ ہی سات مرتبہ یہ آیت پڑھ کر مریض کے سر پہ بھی دم کرے ۔

تپ ولرزہ کیلئے تعویذ

(۵۱) تپ ولرزہ کے لئے یہ تعویذ لکھ کر مریض کے داہنے بازو پر باندھے ۔ صحت کے بعد پانچ چھٹانک چاول پکا کر دودھ اور چینی ملائے اور پانچ کورے برتنوں میں رکھ کر پنجتن پاک کی ارواحِ طیبہ پہ ایصال ثواب کرے ۔ نقش مکرم حسب ذیل ہے ۔



درد اور ورم

(۵۲) جس مقام پر درد یا ورم ہو تین مرتبہ نادِ علی شریف پڑھ کر دم کرنا مجترب ہے۔

درد ناف

(۵۳) درد ناف کے لئے حسب ذیل نقش معظم آزمودہ ہے۔ مریض بالائے ناف باندھے۔

۷۸۶

ھار	۳	و	۶
ط	ط	ط	ط
یا	غفور	غفور	غفور
یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ	یا اللہ

جب درد رفع ہو جائے تو حسب توفیق حضرات پنجتن پاکؓ اور حضرت غوث الاعظمؒ کی نیاز شیرینی پر دلائے اور بچوں کو تقسیم کرے۔

تمام امراض کے لئے لاجواب نقش

(۵۴) تمام اقسام کی بیماریوں کے لئے حسب ذیل نقش بہت مجرب ہے پہلے حضور سرورِ دو عالمؐ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت عمر فاروقؓ، حضرت عثمان غنیؓ، حضرت مولا علیؓ

حضرت بی بی فاطمہ زہراؓ حضرت امام حسنؑ اور حضرت امام حسینؑ کی نیاز شیرینی پہ دلائے اس کے بعد نقش لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے۔

یا بدوح ۷۸۶ یا بدوح یا بدوح

یا بدوح یا بدوح یا بدوح یا بدوح

یا حسنؑ	یا اللہ ۱	یا علیؑ ۶
یا ابابکر ۳	یا عثمان ۵	یا حسینؑ ۸
یا عمر ۴	یا فاطمہ ۹	یا محمدؐ ۲

یا بدوح یا بدوح یا بدوح

یا علی یا علی یا محمدؐ یا محمدؐ یا محمدؐ یا محمدؐ یا محمدؐ یا محمدؐ

کالی کھانسی

کالی کھانسی میں حسبِ ذیل آیہ شریفہ لکھے اور پانی میں گھول کر پلائے۔

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ

دردِ گوش

(۵۵) مریض کے کان میں سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ ۔

★

ناک میں درد

(۵۶) چنبیلی کے تین پھولوں میں تین تین مرتبہ سورۂ فاتحہ دم کر کے مریض کو سُنگھائے اور پھول چھت پر ایسی جگہ ڈال دے جہاں کسی کا پیر نہ پڑے یا کنوئیں میں ڈال دے۔

چیچک

(۵۷) چیچک سے حفاظت کے لئے حسب ذیل نقش بچوں کے گلے میں ڈالنا چاہیئے۔ آزمودہ ہے۔

۷۸۶

و	ج	ع ہ	ب
ط	د	بت	درق
و	یہ	ا	بدرہ
ھ	ی	ملو	ملے

باری کا بخار

جس دن بخار نہ آئے ایک سو ایک مرتبہ بِسۡمِ اللّٰہِ الۡکَبِیۡرِ پڑھ کر مریض

کے دونوں کانوں میں دم کرے اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے ساتھ یہی جملہ لکھ کر بصورت تعویذ مریض کے گلے میں ڈال دے۔

ضعفِ بصارت

(۵۸) فخر العارفین حضرت مولانا شاہ عبدالحی قادری ابوالعلائی کا ارشاد ہے کہ جس شخص کی بصارت میں فرق ہو اپنی آنکھیں والدین کے تلووں سے ملے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آنکھوں کی روشنی بڑھے گی۔

وضع حمل

(۵۹) اگر وضع حمل کے وقت عورت کو تکلیف زیادہ ہو تو یہ دعا لکھے اور پانی میں گھول کر پلا دے۔

اَللّٰھُمَّ خَلِّصْ فلاں بنت فلاں مِمَّا فِیْ بَطْنِھَا مِنْ وَّلَدِھَا خلا مَتَانِیْ عَافِیَۃٍ اِنَّکَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ۔ فلاں بنت فلاں کی جگہ حاملہ اور اس کی ماں کا نام لکھ دے۔

صفرا کی زیادتی

(۶۰) اگر صفرا کا غلبہ ہو تو یَا مُفَرِّجًا عَنِ الْمَغْمُوْمِیْنَ تین مرتبہ ککڑی پر دم کر کے مریض کو کھلائے ککڑی نیچے سے توڑ کر کھانا چاہیئے۔

سات دن تک یہی عمل کرے انشاء اللہ شکایت دُور ہو جائے گی۔

بچھو کا زہر

(۶۱) جس مقام پر بچھو کاٹے سَلٰمٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ۔ پڑھ کر دم کرے زہر اُتر جائے گا۔

بدخوابی

(۶۲) خرفہ کے ساگ پر سات مرتبہ سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کرے۔ بستر پر رکھ کر سوئے۔ بدخوابی کی شکایت دُور ہو جائے گی۔

جادو۔ سحر

(۶۳) اگر کسی شخص پر جادُو کیا گیا ہو تو حسب ذیل آیت لکھ کر پلائے سحر دُور ہو جائے گا۔ قَالَ مُوْسٰی مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَیُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا یُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِیْنَ۔

جادُو کا دفعیہ

(۶۴) شیشے کے برتن پر وَتَرَکْنَا بَعْضَهُمْ یَوْمَئِذٍ یَّمُوْجُ فِیْ بَعْضٍ۔

لکھ کر مسحور کو پلائے سحر دُور ہو جائے گا ۔

زخم اور پھوڑے

(۶۵) مریض پر بکثرت پڑھ کر دم کرے اور لکھ کر پانی پلائے ۔

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ط

اختلاجِ قلب

(۶۶) اختلاج قلب کا مریض بکثرت ورد کرے ۔

اَللّٰھُمَّ اکْشِفْ ھَمِّیْ حُزْنِیْ وَفَرِّجْ عَنِّیْ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ محمدٍ

اور یہی پانی پر دم کر کے پیئے ۔

ہر قسم کا درد

(۶۷) یہ عمل ہر قسم کا درد دُور کرنے کے لئے اکسیر ہے جس جگہ درد ہو وہاں پر ہاتھ رکھ کر پڑھے ۔

اَعُوْذُ بِعِزَّۃِ اللّٰہِ وَقُدْرَتِہٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَّھِیَ ھٰذَا

پھر ہاتھ اُٹھا کر دوبارہ پڑھے ۔ تین پانچ یا سات مرتبہ

٭٭٭

تپ دِق

(۶۸) چینی کی پلیٹ پر سورۂ فاتحہ معہ بسم اللہ زعفران و گلاب سے لکھے ۔ اس کے نیچے یہ آیت لکھے

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۔

اور دھو کر پلائے ۔ چالیس دن متواتر یہ عمل کرے ۔ انشاء اللہ تعالیٰ مریض کو صحت ہوگی ۔

طاعُون

(۶۹) یہ سلسلہ قادریہ کے ایک پنجابی بزرگ کا عطیہ ہے ۔ یاقوت سُرخ چاندی کی انگوٹھی میں نصب کرا کے داہنے ہاتھ کی تیسری اُنگلی میں پہنے ۔ انگوٹھی پہنتے وقت یہ آیۂ شریفہ سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے ۔

قُلْ هُوَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هُدًى وَّشِفَآءٌ

انگوٹھی پہننے والا انشاء اللہ تعالیٰ طاعون سے محفوظ رہے گا ۔

سوزاک

(۷۰) چینی کی نئی پلیٹ پر مشک و زعفران سے سورۂ مزمل شریف لکھے اور دھو کر مریض کو پلائے کم سے کم ایک ہفتہ یہی عمل کرے بحکمِ خدا مرض

سے نجات حاصل ہوگی۔

نظرِ بد

(۱) سورۂ فلق کاغذ پر لکھے اور دھوکر بچے کو پلائے نظر بد کا اثر دُور کرنے کے لئے اکسیر ہے۔

تسہیل وضع حمل

(۲) اگر حاملہ دردِ زہ سے مضطرب ہو اور بچہ پیدا نہ ہوا ہو تو اس دُعا کو کاغذ پر لکھ کر بشکلِ تعویذ حاملہ کی ناف پہ باندھ دے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

یا فتاح بلا مفتاح افتح بحق ام موسیٰ ھوجابنت یعقوب علیہ السلام۔

انشاء اللہ تعالیٰ آسانی سے بچہ پیدا ہوجائے گا۔

حفاظت حمل کیلئے گنڈہ

(۳) اگر حمل ساقط ہو جاتا ہو تو اکیس تار سوت کے لے کر کسمّ رنگ ملیں اور گنڈا بنائیں۔ حسب ذیل آیات پڑھ کر گنڈہ پہ دم کریں اور گرہ دیں اسی طرح اکیس گرہیں دیں۔ یہ گنڈہ حاملہ کی کمر میں باندھ

دیں اور میعاد منقضی ہونے پر وضع حمل کے وقت گنڈہ اُتارلیں ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

واصبر وَمَا صَبْرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ وَلَا تَکُ فِیْ ضَیْقٍ مِّمَّا یمکرون اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ ۔

قرحہ مثانہ

(۴۳) درس نظامیہ کے نامور بانی اُستاد العلماء حضرت نظام الدین فرنگی محلی (لکھنؤ) کو قرحہ مثانہ کی شکایت تھی ۔ ان کے پیرومرشد سیدنا حضرت شاہ عبدالرزاقؒ بانسوی نے حسب ذیل وظیفہ پڑھنے کے لیے ارشاد فرمایا ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحِیْمِ ہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ ہ حضرت ملا صاحب نے حسبِ ارشاد مداومت کی اور اس تکلیف سے نجات پائی ۔

بچے کا رونا

بچہ اگر بہت روتا ہو یا سوتے میں ڈر کر چونک اُٹھتا ہو تو حسب

ذیل تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالے مجرب ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط هٰذَا يَوْمُ لَا يَنْطِقُوْنَ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ہ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ ۔

تمام بیماریوں کا علاج

(۷۵) ہر نماز کے بعد اور مغرب کی سنتوں میں سورۂ فلق اور سورۂ ناس پڑھنا تمام بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ اکثر بزرگوں نے اس پر عمل فرمایا ہے۔

آشوبِ چشم

(۷۶) اگر آشوب چشم کی شکایت ہو تو بیری کے تین پتے لے کر ایک پتے پر لکھے بِسْمِ اللّٰهِ یا کلخحان دوسرے پتے پر لکھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ ... یا کلخحان

تیسرے پتہ پر لکھے بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ط یا کلخحان تینوں پتے ترتیب سے اوپر نیچے رکھے اور آنکھ پر سوتے وقت باندھ لے تین رات یہی عمل کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

دردزہ

(۷۷) وضع حمل کے قریب حسب ذیل کلمات لکھ کر حاملہ کی پیشانی پر باندھے بحکم خدا فوراً تکلیف دردزہ زائل ہوگی اور بچہ آسانی سے پیدا ہوگا۔

اشکوہ وانکوہ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ہ

مرگی

(۷۸) مریض کے کان میں "یا شافی" تین سو اکیاون (۳۵۱) مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اول و آخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

بانجھ عورت کا روحانی علاج

(۷۹) حضرت بابا فرید الدین مسعود گنج شکر چشتی کا ارشاد ہے کہ اگر کوئی عورت اولاد سے محروم ہو تو اس کو یہ نقش لکھ کر سات روز پلایا جائے۔ اگر بحکم خدا سے بیٹا پیدا نہ ہو تو قیامت میں میری دامن گیر ہو۔

نقش مکرم یہ ہے۔

سوھ	صراح جمیع
ھرومہ	سرسر

آنکھ کا درد

(۸۰) اگر آنکھ میں درد ہو تو لکھ کر رات کو آنکھ پہ باندھے اور سو رہے۔

۷۸۶

محمدؐ احمدؐ

مصطفیٰ مرتضیٰ

دیوانے کتے کا کاٹنا

(۸۱) اگر کسی شخص کو دیوانہ کتا یا گیدڑ کاٹے تو پاک مقام سے خاک لے کر اس آیۂ کریمہ کو ۲۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اول و آخر درود شریف۔ پھر اس خاک کو زخم پہ طلا کرے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۝

یَذۡکُرُوۡنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوۡدًا وَّعَلٰی جُنُوۡبِہِمۡ وَیَتَفَکَّرُوۡنَ فِیۡ خَلۡقِ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ رَبَّنَا مَا خَلَقۡتَ ھٰذَا بَاطِلًا ۚ سُبۡحٰنَکَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۔

وبائی امراض

(۸۲) جس مقام پر وبائی امراض پھیلیں لوگوں کو چاہیئے کہ حسب ذیل وظیفہ کثرت سے پڑھیں اور لکھ کر مکانات کی دیواروں پر چسپاں کریں۔

لِی خَمسَۃٌ اطفی بِہَا

حَرَّالوَبَاء الوباء الحاطمة

المُصطفیٰ وَالمُرتضیٰ

وابنا ھُمَا وَالفاطمہ

باب ۵

آسیب اور بلاؤں کا دفعیہ

آسیب زدہ مکان

(۸۳) اگر کسی مکان میں آسیب ہو یا مکان پر وحشت برستی ہو تو رات کو سوتے وقت اندر دیوار پر اُنگلی سے لکھ دے۔

یا حضرت مخدوم شاہ میناؒ

انشاء اللہ اُس مکان میں خوف نہ معلوم ہوگا۔

جن اور بھوت کا اثر

(۸۴) اگر کسی شخص پر جن یا بھوت کا اثر ہو تو اس کے دونوں کانوں میں چہل کاف شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔ یہ عمل مجرب ہے۔

آسیب زدہ کا مجرب علاج

(۸۵) جس شخص پر جن، بھوت یا چڑیل کا اثر ہو اس کے گلے میں یہ لکھ کر ڈال دے اور معہ بسم اللہ سات مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کرے بہت مجرب ہے۔

اِنَّمَا صَنَعُوْا کید ساحر ولا یفلح السّاحر حیث اَتی

اھوسانا ھُوَما۔ ابرموما اھیّا اشراھیّا۔

آسمانی بلاؤں کا دفعیّہ

(۸۶) اگر کوئی شخص بلاؤں میں گھر جائے تو اُسے چاہیئے کہ روزانہ نمازِ فجر اور نمازِ عشاء کے بعد ایک سو ایک مرتبہ پڑھا کرے۔

یا دَافع البلیّات

اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ

آسیب کو جلانے کا نقش

(۸۷) حسب ذیل نقش لکھ کر فلیتہ بنائیں اور میٹھے تیل کے چراغ میں روئی لپیٹ کر آسیب زدہ کے سامنے روشن کریں آسیب جل جائے گا۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

ح د ا ا د ج ا ا د ج

بحق یا بدوح یا تنکفیل

جن کا دفعیہ

(۸۸) سورۂ جن کی پہلی چھ آیتیں پڑھ کر مریض پر دم کرے اور یہی آیتیں پانی پر دم کر کے مریض کے چہرے پر چھڑکے اور اسے پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جن کا اثر زائل ہو جائے گا۔

بھوت پریت کو جلانے کا نقش

(۸۹) جس مرد یا عورت پر بھوت پریت کا اثر ہو اُسے یہ نقش لکھ کر دکھائے اور موم جامہ میں کر کے اس کے گلے میں ڈال دے۔ بحکم خدا خبیث رُوحوں کا اثر زائل ہو جائے گا۔ نقش حسب ذیل ہے۔

۷۸۶

۲	۹	۴
۷	۵	۳
۶	۱	۸

چاندی کی تختی پر یہ نقش اگر کندہ کرا کے بچوں کے گلے میں ڈال دیں تو وہ نظر بد اور آسیب سے محفوظ رہتے ہیں۔

آسیب زدہ مکان

(۹۰) اگر کسی مکان میں ارواحِ خبیثہ کا گذر کا ہو تو اس کے چاروں گوشوں میں اذان دینا مجرّب ہے۔

فرمودہ حضرت خواجہ محمد سلیمان چشتی تونسوی

(۹۱) سلسلہ عالیہ نظامیہ کے مشہور بزرگ حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمانؒ تونسوی قدس اللہ سرہ العزیز کے ایک مرید کی اہلیہ کو جن کا خلل تھا اس کی والدہ نے حضرت کی خدمت میں عرض کیا۔ فرمایا کہ "یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیئاً للہ تین تین مرتبہ مریضہ کے دونوں کانوں میں دم کریں۔ اگر جن کا اثر ہے تو دم کرنے سے زور زیادہ ہوگا۔ اور اگر کوئی دوسرا مرض ہے تو شفا ہو جائے گی۔

اس کی والدہ نے اسی طرح کیا مرض زیادہ تر ہوا۔ اس نے خدمت اقدس میں حاضر ہو کر مریضہ کی حالت بیان کی۔

ارشاد فرمایا کہ سورۂ جن پڑھ کر دم کریں۔ چنانچہ سورۂ شریف کے پڑھنے سے جن بھاگ گیا۔

☆

اسمائے اصحاب کہف

(۹۲) حضرت اصحاب کہف کے اسمائے متبرکہ دفع آسیب و رفع بخار کے لئے مجرب ہیں حسب ذیل نام لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے یا پانی میں گھول کر پلائے۔

الٰہی بحرمت یملیخا مکسلمینا کشفوطط تبیونس اذرفط یونس کشافط یونس یوانس بوس وَ کلبُھُم قطمیر

آسیب کیلئے نقش

(۹۳) آسیب زدہ کو یہ نقش کاغذ، چینی کی پلیٹ یا ہاتھ پر لکھ کر دکھائے آسیب بھاگ جائے گا۔



آسیب کو جلانے کیلئے نقش

(۹۴) حسب ذیل نقش کاغذ پر لکھ کر صاف روئی میں لپیٹے اور فلیتہ بنا کر

آسیب زدہ کے سامنے رات کے وقت روشن کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ آسیب جل جائے گا۔

۸۶

عصحح   عصحح

آسیب کیلئے

عمل قادری

(۹۵) ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر مریض کے دونوں کانوں میں دم کرے اول و آخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف۔

يَا شَيخ عَبدُالقَادِر جِيلَانِی شَيئًا لِلّٰهِ

آخر میں

بحکم پیرانِ پیر دستگیر حضرت شیخ محی الدین سید عبد القادر جیلانی رؒ۔ آسیب بسوزد۔ بسوزد

باب ٦

میاں بیوی کیلئے عملیات

بدچلن شوہر

(٩٦) اگر شوہر آوارہ بدمزاج ہو تو ٧٨٦ مرتبہ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ٥
پڑھ کر شیرینی پر دم کرے اور شوہر کو کھلائے۔ اول و آخر درود شریف۔
گیارہ دن عمل کرے شوہر بحکم خدا راہِ راست پر آجائے گا۔

بدمزاج شوہر

(٩٧) اگر شوہر بدمزاج ہو اور بیوی سے آئے دن جھگڑتا ہے تو
اسم " یالطیف " ١٢٩ دفعہ پڑھ کر چنبیلی کے تیل پہ دم کریں اور شوہر
کے سر پر ملیں تین شب متواتر یہ عمل کرنا چاہیئے۔

نافرمان بیوی

(۹۸) نافرمان بیوی کو راہِ راست پر لانے کے لئے اسم پاک "یَا وَدُوْدُ" بیس مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کرے اور بیوی کو کھلائے یہ عمل پانچ دن تک مسلسل کرنا چاہیئے۔

زن و شوہر میں موافقت

(۹۹) اگر زن و شوہر میں موافقت نہ ہو تو عورت یا شوہر کے بائیں پاؤں کی خاک لا کر سورۂ الم ترکیف ۱۰۱ مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور وہ خاک چپکے سے میاں بیوی کے بدن یا جسم کے کپڑوں میں مل دے جس کے بدن پر خاک ملی جائے گی اس کا دل مسخر ہو جائے گا۔

آوارہ مزاج شوہر

(۱۰۰) اگر کسی عورت کا شوہر بدچلن اور آوارہ مزاج ہو تو حسب ذیل نقش لکھے اور پانی میں گھول کر شوہر کو سات دن تک پلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ اُسے غیر عورتوں سے نفرت ہو جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط یا کلکائیل یا لومائیل یا کستفائیل یا لوکائیل

بحق یا بدوح یا بدوح یا بدوح

زن و شوہر میں مُوافقت

(۱۰۱) اگر میاں بیوی میں میل محبت نہ ہو تو حسب ذیل نقش لکھ کر پانی یا شربت میں گھولے اور زن و شوہر دونوں کو یا جس کی خطا ہو اس کو پلائے۔ گیارہ دن تک یہی عمل کرے اور اس سے پہلے دونوں میں موافقت ہو جائے تو عمل ترک کر دے۔

یاد رکھنا چاہیے کہ یہ عمال صرف شادی شدہ، زن و شوہر کے لئے ہیں۔ فعل ناجائز کے لئے ہرگز کوئی عمل نہ کیا جائے۔

نقش مکرّم یہ ہے

ل ل ل ل ل ل ل

ہ ہ ہ ہ ہ ہ ہ

عج عج عج عج عج عج عج

غصّہ ور شوہر کیلئے

(۱۰۲) اگر شوہر بہت غصہ ور ہو اور بیوی سے بے التفاتی برتتا ہو تو چنبیلی کے سات پھول لے اور ان پر سات سات مرتبہ سورہ اخلاص پڑھ کر دُعا کرے۔ پھول رات کو شوہر کے سرہانے رکھ دے۔ سات دن

مسلسل یہ عمل کرے مجرّب ہے ۔

زن وشوہر میں محبت

(۱۰۳) اگر شوہر اپنی بیوی سے بے التفاتی برتتا ہو اور اس کے نان و نفقہ کی پرواہ نہ کرتا ہو تو بیوی کو چاہیئے کہ حسب ذیل نقش چاندی کے تعویذ میں کر کے بالوں کے جوڑے میں لپیٹ لے اور سوائے وقت غسل کے یہ تعویذ سر سے جدا نہ کرے ۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے شوہر کے دل میں بیوی کی محبت بڑھے گی اور مسخّر ہو جائے گا ۔

نقش مکرم حسب ذیل ہے

۷۸۶

۵۳	۴۶	۵۱
۴۸	۵۰	۵۲
۴۹	۵۴	۴۷

بِحَقِّ یَا عَلِیْمُ

الحب فلاں بن فلاں علیٰ حب فلانہ بنت فلانہ ۔ فلاں بن فلانہ کی جگہ شوہر اور اس کی ماں اور فلانہ بنت فلانہ کی جگہ بیوی اور اس کی ماں کا نام لکھ دے ۔

یہ راز کسی پر ظاہر نہ کرے

زن وشوہر کے مابین محبّت

(۱۰۴) میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے کیلئے حسب ذیل عمل کرے۔
اتوار یا پیر کو طلوعِ آفتاب سے پیشتر وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰہِ وَ اِنَّہٗ لِحُبِّ الْخَیْرِ لَشَدِیْدٌ یَاحَبِیْب یَا حَبِیْب بِحَقِّ یا بدوح یا بدوح یا بدوح
الحب نام شوہر و مادر شوہر علیٰ حب نام زوجہ و مادر زوجہ لکھے
یہ عمل بہت آزمودہ ہے۔ ایک ہفتہ کے اندر میاں بیوی کی عدم موافقت ختم ہو جاتی ہے۔

شوہر کو مُطیع کرنے کا عمل

(۱۰۵) بدمزاج اور بے وفا شوہر کو مطیع کرنے کے لئے ایک مجرب عمل ہے۔ کہ جمعرات کو بشرطیکہ چاند برج عقرب میں نہ ہو علی الصبح غسل کرکے پاک صاف کپڑے پہنے اور نماز فجر کے بعد درود شریف اور کلام مجید کی جو سورتیں یاد ہوں پڑھ کر حضور سرورِ دو عالمؐ اور ازواجِ مطہرات کی ارواحِ طیبّہ پر ایصال ثواب کرے جب آفتاب طلوع ہو جائے تو دو رکعت نماز نفل پڑھ کر ثواب اولیائے امت محمدیؐ کی ارواح پاک پر ایصال کرے اور ایک سو اکیس مرتبہ معہ بسم اللہ سُبْحَانَکَ

یَا لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ یَارَبُّ یَارَاحِمُ پڑھکر کسی کھانے پینے کی چیز پر دم کر کے شوہر کو کھلائے اللہ کے حکم سے مسخر ہو جائے گا۔

بیوی کو مطیع کرنیکا عمل

(۱۰۶) اگر کسی شخص کی بیوی سرکش اور نافرمان ہو تو نماز فجر کے بعد امام المشارق والمغارب امیرالمومنین سیدنا علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ کی روح پاک پر ایصال ثواب کرے اور شیرینی معصوم بچوں کو تقسیم کر دے اس کے بعد بیوی کی پیشانی کے چند بال پکڑ کر گیارہ مرتبہ نادِ علی شریف پڑھ کر دم کرے۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے سرکش بیوی فرماں بردار ہو جائے گی. اس عمل کے لئے جمعرات کا دن مناسب ہے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کا عمل

(۱۰۷) اگر زن و شوہر میں موافقت نہ ہو تو بدھ کو بوقتِ طلوعِ آفتاب مٹی کے کورے آبخورے میں کنوئیں سے پانی لائے اور ۷۸۶ مرتبہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کرے ۔ یہ پانی میاں یا بیوی جس کو بھی پلائے مسخر ہو جائے ۔

محبت زن و شوہر کیلئے

(۱۰۸) حسب ذیل نقش لکھے اور پانی یا شربت میں گھول کر پلائے انشاء اللہ تعالیٰ طرفین میں محبت ہو جائیگی ۔

۷۸۶

یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ یَا دَیَّانُ بِحَقِّ یَا اَللّٰہُ

یہ عمل سات دن تک مسلسل کرنا چاہیئے ۔ ناغہ نہ ہو ورنہ از سرِ نو شروع کرنا پڑے گا ۔

بدمزاج اور بدچلن شوہر کی تسخیر کا عمل

(۱۰۹) اتوار کو مغرب و عشاء کے درمیان گلاب کے تازہ پھول پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور شوہر کے سرہانے رکھ دے ۔

اَللّٰھُمَّ تحس عنی ابصار الظلمۃ والمریدین بی السوء
وان تصرف قلوبھم عن شر ما یضمرونہ الی خیرہ
لایملکہ غیرک۔

یہ عمل تین شب کرنا چاہئے۔ بار بار تاکید کی جاتی ہے کہ
یہ تمام اعمال صرف میاں بیوی کی جائز محبت کے لئے ہیں اگر کوئی عمل
کسی دوسرے مقصد کے لئے کیا گیا تو نقصان ہوگا۔

شوہر کی آوارگی

کا علاج

(۱۱۰) اگر کسی پارسا عورت کا شوہر بدچلن ہو تو چاہیئے کہ بدھ
جمعرات، جمعہ، تین دن نماز فجر کے بعد حسب ذیل نقش
لکھ کر پانی یا شربت میں گھولے اور شوہر کو پلادے۔ انشاء اللہ
شوہر کسی غیر عورت پر قادر نہ ہوسکے گا اور بہت جلد آوارگی سے
تائب ہو جائے گا۔

یَا سَدَّامُ الغُیُوبِ فَلَا یَغُوثُ شَیٌّ مَنْ
حفظۃ یا غلام۔

بدچلن عورت کی اصلاح کے لئے بھی یہ عمل مجرب ہے۔

باب

مقہوری اعداء

نوٹ:- اس باب میں دشمن کی تباہی و بربادی کے جو وظائف درج کیے گئے ہیں ان پر صرف اسی صورت میں عمل کیا جا سکتا ہے۔ جب کرنے والا بالکل بے خطا ہو اور دشمن نے اُسے بلا وجہ ستا کر حیران و پریشان کر دیا ہو۔ باہمی تکرار و فساد کی حالت میں کسی مخالف کے لئے تباہی و ہلاکت کا کوئی عمل کرنا مناسب نہیں۔ بعض اوقات نتیجہ برعکس ہوتا ہے۔

دشمن کے شر سے حفاظت

(۱۱۱) دشمن کے شر سے بچنے کے لئے فرصت کا وقت مقرر کر کے کسی نماز کے بعد روزانہ

گیارہ مرتبہ سورۂ لایلاف کا ورد رکھے۔ جب کسی دشمن کی یورش ہو تو ایک سو گیارہ مرتبہ لایلاف معہ بسم اللہ اوّل و آخر درود شریف ۳ پڑھ کر حضرت مولا علی رضی اللہ عنہ کی روح پاک پر ایصال کرے۔ اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرے کہ وہ اپنی رحمتِ کاملہ سے سائل کو دشمن کے شر سے محفوظ رکھے۔

اگر دشمن کا خوف

دامن گیر ہو

(۱۱۲) اگر دشمن نے اپنے مکر و فریب یا ظلم و ستم سے خائف کر رکھا ہو تو روزانہ فجر کے بعد سربسجود ہو کر یہ دعا سات مرتبہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ العفو والعافیۃ فی الدنیا وَ الاٰخرہ ۔

اس کے بعد سجدہ سے سر اُٹھا کر درود شریف پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ چند روز کے اندر دشمن ذلیل و خوار ہو جائے گا۔

برائے دفع دشمن

(۱۱۳) سید السادات قطب الآفاق سیدنا حضرت شاہ عبدالرزاق صاحب قادری بانسوی قدس اللہ سرہ العزیز کے ارشادات میں ہے کہ دشمن کا خطرہ دفع کرنے کے لئے نمازِ تہجد کے بعد ایک ہزار ایک سو مرتبہ پڑھے

یَا بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ اِرْحَمْنِیْ اِلٰی یَوْمِ الدِّیْنِ

اس بات کا خیال رکھے ۔ بدیع العجائب میں حرفِ عین بالکسر ہے ۔

دشمنوں کی شکست کیلئے

نقش

(۱۱۴) جو شخص یہ نقشِ معظم لکھ کر سر میں رکھے گا ۔ اللہ تعالیٰ کے حکم سے کوئی دشمن اس پر غالب نہ آسکے گا ۔ تعویذ رکھنے والا وقتِ ضرورت حضرات پنجتن پاک کی نیاز فیرنی پر دلا کر اللہ تعالیٰ سے دفعیہ دشمن کی دعا کرے ۔

نقشِ معظم یہ ہے

۷۸۶

۸	۶۹	۷۲	۱
۷۱	۲	۷	۷۰
۳	۷۴	۶۷	۶
۶۸	۵	۴	۷۳

دشمن کی شکست و خواری

(۱۱۵) دشمن کو زیر کرنے کے لئے حسب ذیل نقش بہت مجرب ہے جو شخص یہ تعویذ بازو پر باندھے گا۔ انشاء اللہ تعالیٰ اس پر کبھی کوئی دشمن غالب نہ ہو سکے گا۔

۷۸۶

کہ	۱۱۴	۱۳	۱
۱۳	۳	۷	۲
۱۲	۹۳	م	۶
۱۵	ع	عہ	ع ۱

دشمن کی شکست کیلئے مجرّب عمل

(۱۱۶) جب کوئی زبردست دشمن درپے ایذارسانی ہو اور اس کے ظلم وستم

ہے۔ بچنے کی کوئی صورت نظر نہ آئے تو پنجشنبہ کو روزہ رکھے۔ شام کو نمک اور پانی سے افطار کے بعد پاک صاف کپڑے اور باوضو باغ میں جاکر چنبیلی کی سات کلیاں لائے اور نمازِ عشاء کے بعد ہر کلی پہ حسب ذیل دعا سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم ط

یا فارج الغم عن صدور المضطرین اجب دُعَائِنَا بحق مدیرش زطیوش۔

دشمن کی ذلت و خواری

(۱۱۷) جو شخص سورۂ الم ترکیف روزانہ پابندی سے پڑھتا رہیگا۔ اس کے دُشمن کو ہمیشہ ذلت و خواری نصیب ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔ مجرب ہے۔

دشمن کو تباہ کرنے کیلئے

عمل

(۱۱۸) اگر دشمن نے بلا وجہ ستارکھا ہو اور اس کے ہاتھوں عزت و

آبرو خطرے میں ہو تو منگل کے دن علی الصبح گنجد سیاہ کے ہزار دانے لے کر ہر دانہ پر سورۂ فیل معہ بسم اللہ ایک مرتبہ پڑھے اور دم کرے۔ کَعَصۡفٍ مَّاکُوۡلٍ پر دشمن کی تباہی و بربادی کا تصور کرے۔ جب فارغ ہو تو تمام دانے کسی خشک کنوئیں میں ڈال دے۔ دشمن تباہ و برباد ہو جائے گا۔

یاد رکھنا چاہیے کہ معمولی شکایات کی بناء پر کسی شخص کے خلاف یہ پُر جلال عمل کرنا ہرگز مناسب نہیں۔ ورنہ نقصان اُٹھانا پڑے گا۔

دشمن سے حفاظت کیلئے

ختم خواجگان چشت

(۱۱۹) شام کو غروبِ آفتاب سے پیشتر غسل کر کے پاک وصاف کپڑے پہنے اور درود شریف پڑھتا رہے جب گھر میں چراغ روشن ہو تو دونوں ہاتھ بلند کر کے یہ شعر صدق وخلوص کے ساتھ پانچ مرتبہ پڑھے ؎

الٰہی تا بود خورشید و ماہی

چراغِ چشتیاں را روشنائی

اس کے بعد نماز مغرب سے فارغ ہو کر اور خوشبو سُلگا کر ایک مرتبہ سورۂ فاتحہ، تین مرتبہ سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر یہ پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ م بِعَدَدِ کُلِّ مَعۡلُوۡمٍ

لک بعدہٗ تین سو ساٹھ مرتبہ لَاحَولَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْم لَا مَلْجَاءَ وَلَا مَنْجَاءَ مِنَ اللّٰہِ اِلَّا اِلَیْہِ - پڑھے اس کے بعد سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص تین مرتبہ پڑھ کر حضرات خواجگان چشت اہلِ بہشت کی ارواح مقدسہ پر ایصالِ ثواب کرے پھر کہے اَللّٰہُ اَکْبَرُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَرُ وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ -

اور حضرت خواجہ غریب نواز سید معین الدین چشتی سنجری سلطان الہند و دیگر خواجگانِ چشت اہلِ بہشت کا واسطہ دے کر دشمن کے کید و ظلم سے محفوظ رہنے کی دُعا کرے - انشاء اللہ تعالیٰ دُعا قبول ہوگی اور دشمن ایذا رسانی سے باز آ جائے گا -

رُباعی

حضرت شیخ شہاب الدینؒ سہروردی

(۱۲۰) دشمن کے شر سے محفوظ رہنے کے لئے حضرت شیخ شہاب الدینؒ عمر سہروردی قدس العزیز کی اس رُباعی کا ورد مجرب ہے۔

غمناکم و از پیش تو با غم نروم
جز شاہ و اُمید دارد حرم زوم
از درگہِ ہمچو تو کریمے ہرگز
نامید کسے نہ رفت و من ہم نروم

تعداد کی قید نہیں۔ اوّل و آخر درود شریف اگر ایک وقت مقرر کر کے پڑھے تو زیادہ مفید ہے۔

دشمن کو بھگانے کیلئے نادِ علی

(۱۲۱) اگر کسی سخت دشمن سے مقابلہ ہو تو اُسے بھگانے اور شکست دینے کے لئے نادِ علی شریف مجرب ہے رات کو تنہا مقام پر باوضو تیس مرتبہ روزانہ پڑھے۔ دشمن اس مقام سے بھاگ جائے گا اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس کو ذلت و شکست نصیب ہو گی۔

حصول مقصد کے بعد حضرت مولا مشکل کشا علیؓ کی نیاز شیرینی پر دلائے۔

(۱۲۲) دشمن کو بیمار کرنے کا نقش



قصاب کے دُکان سے بکری کے پیٹ کی کھال لے اور دھوکر سایہ میں خشک کر کے منگل کو دوپہر کے وقت دھوپ میں چراغ کی کالک گھول کر کھال پر یہ نقش لکھے اور تصور کرے کہ یہ دشمن کی شکل ہے۔

اس کے بعد مٹی کے چھوٹے پیالے میں نقش تہہ کر کے رکھ دے اور ایک پیالہ اوپر ڈھانک دے پھر دونوں پیالوں کو چولھے میں اس طرح دفن کردے کہ گرمی پہونچتی رہے۔ تین دن کے اندر دُشمن بیمار ہو جائے گا۔ اور جب تک نقش کو نکال کر کنوئیں یا دریا میں نہ ڈالا جائے گا دشمن کو صحت نہ ہوگی۔



باب ۸

مال کی ترقی اور حفاظت

چوروں سے مال کی حفاظت

(۱۲۳) جس صندوق کے اندر روپیہ اور زیور رکھا جائے اس کے ڈھکنے پر اندر کی جانب حسب ذیل نقش دوشنبہ کو عصر و مغرب کے درمیان لکھ کر چسپاں کر دے۔ انشاء اللہ تعالیٰ رقم سرقہ سے محفوظ رہے گی۔

۷۸۶

مھو	۴ص	ع
۹م	۵ط	فط
۳له	صح	ن

یہ نقش آزمودہ ہے۔

چور کو نابینا کرنے کیلئے

نقش

(۱۲۴) عروج ماہ میں شب جمعہ کو باوضو ہو کر حسب ذیل نقش مشک و زعفران سے لکھے اور گھر میں لگائے۔ اگر کوئی چور مکان میں داخل ہوا تو اُسے سامان نظر نہ آئے گا اور انشاء اللہ تعالیٰ بے نیل و مرام واپس چلا جائے گا۔

۷۸۶

ا لا ــــ ســـ ۳ ع

محمد سحج لا ۷

بحق یا قطمیر

انار کے پھول کا عمل

(۱۲۵)

اتوار یا منگل کو باغ میں جائے۔ انار کے جس پھول کا رُخ مشرق

کی جانب ہو۔ اس سے کہے کہ میں اللہ تعالیٰ کے حکم سے تجھ کو اپنے مال کی حفاظت کے لئے لے جاتا ہوں۔ یہ کہکر پھول کو توڑے اور رومال میں لپیٹ لے تاکہ اس پر کسی کی نظر نہ پڑے گھر لے آئے عصر و مغرب کے درمیان ایک سو اکیس مرتبہ یہ کلمات پڑھ کر پھول پر دم کرے اور اُسے روپیہ کے صندوق کے اندر رکھ دے زرومال سرقہ سے محفوظ رہے گا۔

کلمات یہ ہیں

یاطاھمیر یاطاھمیر یاطاھمیر

بحق ھشمائیل کشمائیل مشمائیل

تہہ خانہ

کی حفاظت

(۱۲۶) اگر زروسیم تہہ خانہ میں رکھا گیا ہو تو اس کی حفاظت کے لئے حسب ذیل کلمات کاغذ کے چار ٹکڑوں پر لکھ کر تہہ خانے کے چار گوشوں میں دفن کردے۔ انشاء اللہ تعالیٰ روپیہ نقصان سے محفوظ رہے گا۔

زراعت کی حفاظت کے لئے بھی کھیت کے چاروں گوشوں ہی میں دفن کرے۔ کھیت ہر نقصان سے انشاء اللہ تعالیٰ بچا

رہے گا۔

بحرمت ابراہیم خلیل اللہ بحرمت ابراہیم بن محمد رسول اللہ بحرمت ابراہیم بن ادھم بحرمت ابراہیم خواص۔

یہ عمل صرف جائز دولت وزراعت کی حفاظت کے لئے کیا جاسکتا ہے۔ اگر مال حرام ہو یا اس کی زکوٰۃ ادا نہ کی گئی ہو یا زمین مغضوبہ پر کاشت کی گئی ہو تو ہرگز فائدہ نہ ہوگا۔

مال میں برکت کیلئے

(۱۲۷) نماز جمعہ کے بعد سورۂ اخلاص ایک ہزار مرتبہ پڑھ کر مال جائز پر دم کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بہت خیر و برکت ہوگی۔

مال کی ترقی اور حفاظت

(۱۲۸) چہارشنبہ کو زوالِ آفتاب کے بعد گھوڑے کی نعل پر جو ٹوٹا نہ ہو حسب ذیل نقش لکھے اور اسے صندوق کے اندر رکھ دے مال میں برکت ہوگی اور چور اسے چرا نہ سکے گا۔

۷۸۶

صما لا لا ح سالمحہ د

باب ۹

متفرق عملیات

*

درازی عمر کیلئے

(۱۲۹) درازیٔ عمر کے لئے سلسلۂ عالیہ شیطاریہ کا مجرب عمل ہے۔

بعد نماز فجر	ایک ہزار مرتبہ	ھُوالحیّ القیّوم
بعد نماز ظہر	ایک ہزار مرتبہ	ھُوالعلی العظیم
بعد نماز عصر	ایک ہزار مرتبہ	ھُوالرَّحمٰنُ الرَّحِیم
بعد نماز مغرب	ایک ہزار مرتبہ	ھُوالعَزِیزُ الحَکیم
بعد نماز عشاء	ایک ہزار مرتبہ	ھُواللطیف الخَبِیر

اس ذکرِ شریف سے عمر بڑھتی ہے

عمر و صحت میں ترقی

کیلئے

(۱۳۰)

نماز

شب جمعہ کو نماز عشاء کے بعد چار رکعت ایک سلام کیساتھ حسب ذیل طریقہ سے پڑھے۔

ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد اِنَّا اَنْزَلْنَا تین مرتبہ اور سورہ اخلاص پندرہ مرتبہ۔

سلام پھیرنے کے بعد سربسجود ہو کر تین مرتبہ پڑھے۔

یَا حَيُّ یَا قَیُّوْمُ ثَبِّتْنَا عَلَی الْاِیْمَان

پھر بیٹھ کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ بَرَکَۃً فِی الْعُمُرِ صِحَّۃً فِی الْبَدَنِ وَ راحۃ فی المعیشۃ وَ وسعۃ فِی الرِّزْقِ وَ زِیَادَۃً فِی الْعِلْمِ وَ ثَبِّتْنَا عَلَی الْاِیْمَانِ ۔

انشاء اللہ اس کی عمر ایمان اور صحت میں نمایاں ترقی ہو گی۔

استخارہ کا بہترین عمل

(۱۳۱) استخارہ کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد دو دو رکعتوں کی نیت کر کے چھ رکعت حسب ذیل طریقے سے پڑھے۔

پہلی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد وَالشَّمس ۷ مرتبہ
دوسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد وَاللَّیل ۷ مرتبہ
تیسری رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد وَالضُّحیٰ ۷ مرتبہ
چوتھی رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اَلَمْ نَشْرَح ۷ مرتبہ
پانچویں رکعت میں سورۂ فاتحہ کے بعد اِنَّا اَنْزَلْنَا ۷ مرتبہ

نماز سے فارغ ہو کر درود شریف پڑھے اور اس کے بعد یہ دعا۔

اَللّٰهُمَّ یَارَبَّ اِبْرَاهِیْمَ وَمُوْسٰی وَرَبِّ اِسْحٰقَ وَیَعْقُوْبَ وَرَبِّ جِبْرِیْلَ وَرَبِّ مِیْکَائِیْلَ وَرَبِّ اِسْرَافِیْلَ وَرَبِّ عِزْرَائِیْلَ وَیَارَبِّ مُنَزِّلَ الصُّحُفِ وَمُنَزِّلَ

التوراۃ وَالْاِنْجِیْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ اَرِنِیْ فِیْ مَنَامِیْ ھٰذِہِ اللَّیْلَۃُ مِنْ اَمْرِیْ مَا اَنْتَ اَعْلَمُ بِہٖ۔

انشاء اللہ تعالیٰ پہلی رات کو معلوم ہو جائے گا کہ کسی خاص معاملہ میں حکم خدا کیا ہے۔ پہلی رات اگر امرِ غیبی ظاہر نہ ہو تو دوسری شب بھی یہی عمل کرے۔

استخارہ حضرت شاہ ولی اللہ دھلویؒ

(۱۳۲) حضرت مولانا شاہ ولی اللہ محدث دہلوی قدس سرہ العزیز "قول جمیل" میں ارشاد فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنے کام میں بحالتِ خواب حکم خدا معلوم کرنا چاہے تو رات کو وضو کرکے پاک کپڑے پہنے اور قبلہ کی طرف منہ کرکے داہنی کروٹ لیٹے اور سورۂ والشمس واللیل اور قُلْ ھُوَ اللہُ سات سات مرتبہ پڑھنے کے بعد یہ دُعا پڑھے۔

اَللّٰهُمَّ اَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ (اپنے کام کا خیال کرے) وَاجْعَلْ لِيْ مِنْ اَمْرِيْ فَرَجًا وَّ مَخْرَجًا وَّاَرِنِيْ فِيْ مَنَامِيْ مَا اَسْتَدِلُّ بِهٖ عَلٰى اِجَابَةِ دَعْوَتِيْ ۔

جو کچھ ہونے والا ہے انشاء اللہ تعالیٰ پہلی یا دوسری رات میں معلوم ہو جائے گا۔ انتہا سات رات۔

شفائے بیمار کیلئے

ختم مظہریہ

(۱۳۳) حضرت مرزا مظہر جانجاناں نقشبندی مجددی دہلوی کے معمولات میں رہا کہ بیماروں کی صحت کے لئے اسم مبارک

"يَا سَلَامُ"

کا

ایک لاکھ پچیس ہزار مرتبہ ختم کرے مجرب ہے۔

☆

(۱۳۴)

ادائیگی قرض کیلئے

وظیفہ

حضرت خواجہ شاہ محمد سلیمان چشتی نظامی تونسوی کے خلیفہ خاص شمس العارفین حضرت مولانا شمس الدین سیالوی (سیال شریف) (پنجاب) کا ارشاد مبارک ہے کہ ادائیگی قرض و سلامتی ایمان کے لئے نماز فجر کے بعد روزانہ "یَا وَھَابُ" سترّ مرتبہ پڑھتے رہیں۔

(۱۳۵)

بواسیر کیلئے عمل

شمس العارفین حضرت مولانا شمس الدین سیالوی علیہ الرحمۃ کا ارشاد ہے کہ بواسیر سے نجات پانے کے لئے دو رکعت سُنت فجر میں پہلی رکعت میں الم نشرح دوسری میں سورہ فیل پڑھے اور وتر عشاء کی پہلی رکعت میں الم نشرح دوسری میں والتین اور تیسری

میں سورۃ اخلاص پڑھنے کی مداومت کرے۔ انشاء اللہ شفا ہوگی

جذام کیلئے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

(۱۳۶) شمس العارفین حضرت مولانا شمس الدین سیالوی قدس اللہ سرہٗ العزیز نے ایک جذامی سے ارشاد فرمایا کہ مرض کو دور کرنے کے لئے روزانہ ۷۸۷ مرتبہ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھتا رہے۔

شب قدر معلوم کرنے کا طریقہ

(۱۳۷) شب قدر معلوم کرنے کا مجرب طریقہ یہ ہے کہ اگر اتوار کو ماہ رمضان کی پہلی تاریخ ہو تو ۲۹ کو شب قدر ہے پیر کی پہلی ہو تو ۲۱ کو منگل کو پہلی ہو تو ۲۷ر کو۔ بدھ کو پہلی ہو تو ۲۹ر کو۔ جمعرات کو پہلی ہو تو ۲۵ر کو۔ جمعہ کو پہلی ہو تو ۲۷ر کو۔ شنبہ کو پہلی ہو تو ۲۳ر کو شب قدر ہے۔

مفرور کی واپسی کیلئے

(۱۳۸)

اگر کوئی شخص بھاگ گیا ہو تو اس کی واپسی کے لئے حسب ذیل دُعا مجرب ہے۔ یَا جَامِعَ النَّاسِ لِیَوْمٍ لَّا رَیْبَ فِیْهِ اِجْمَعْ عَلَیَّ ضَالَّتِیْ عصر و مغرب کے درمیان روزانہ ۳۱ مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف۔

(۱۳۹) چہرے کی روشنی

چہرے کو روشن اور نورانی کرنے کے لئے۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یا نورَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ۔

روزانہ بکثرت پڑھے۔ اوّل و آخر درود شریف۔

(۱۴۰) مفقود الخبر کیلئے

استخارہ

اگر کوئی شخص مفقود الخبر ہو تو اس کا پتہ معلوم کرنے کے لئے کلمہ یا مشتودیتا زعفران سے رات کے وقت لکھ کر قرآن شریف کے اندر رکھ دے اور کسی سے کلام کئے بغیر سو رہے۔ رات کو خواب میں لاپتہ شخص کا حال معلوم ہو جائے گا۔

باب ۱۰

اولیائے کرام کے ختم اور طریقہ فاتحہ

ترتیب فاتحہ شریف حضور غوث الاعظمؒ

(۱۸۱) قمری مہینے کی گیارہویں تاریخ کو نہا کر پاک کپڑے پہنے اور دو رکعت نفل پڑھ کر گیارہ مرتبہ استغفار پڑھے۔ اس کے بعد سورۂ فاتحہ ایک مرتبہ سورۂ اخلاص گیارہ مرتبہ اور درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر حسب ذیل طریقہ سے ایصال ثواب کرے۔

بروح پُر فتوح حضور رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم وعلیٰ آلہ واصحابہ و ازواجہ و ذریاتہ وسلم وبروح پُر فتوح حضرت میراں محی الدین غوث الصمدانی قطب ربانی، محبوب سبحانی غوث الثقلین بدر الکونین، سلطان العارفین، برہان العاشقین محب المشتاقین

سراج الملّت والدین ہادی اعلیٰ طریق رب العلمین شہنشاہ فی الدین سید محی الدین سلطان محی الدین فقیر محی الدین خواجہ محی الدین ، مخدوم محی الدین ، غریب محی الدین بادشاہ محی الدین ولی محی الدین ، مولانا محی الدین ، ابو محمد عبد القادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ و بروح پدر میراں سید ابوصالح و بہ روح مادر میراں بی بی فاطمہ رض بروح خواہر میراں و بہ ارواح پسراں میراں و بہ ارواح اُستادان ایں ہمہ شے مقبول و موصول گردد آمین ۔

ختم شریف

حضرت مخدوم ردولویؒ

(۱۴۲) تاج الاولیاء صاحب توشہ مخدوم شیخ احمد عبد الحق چشتی صابری ردولوی قدس اللہ العزیز کا یہ ختم شریف تمام مقاصد دینی و دنیاوی برلانے کیلئے اکسیر ہے۔

نماز عشاء کی چار رکعت سنّت پڑھ کر (فرض سے پیشتر) گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ بعدد کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ۔

اس کے بعد ۳۶۰ (تین سو ساٹھ) مرتبہ پڑھے ۔

حق حق حق بحق شیخ احمد عَبْدُالحقؒ مستغیث اغثنِی وامددنی فی قضائے حاجتی ۔

پھر مندرجہ بالا درود شریف پڑھے۔ ختم شریف کے وقت پوشاک صاف ہو اور بخورات سلگائے۔

(۱۴۳) کندوری حضرت شیخ نصیر الدین چشتی

مراد پوری ہونے کے لئے حضرت شیخ نصیر الدین ثانی چشتی نظامی رح کی کندوری حسب ذیل طریقہ سے نیاز بہت مجرب ہے۔

ساڑھے دس سیر آٹا، ساڑھے دس سیر گوشت بز اور سوا دو سیر گائے کا گھی۔ کھانا پکانے والے کو پاک صاف ہونا چاہیئے۔

گوشت اور روٹی پر حضرت شیخ نصیر الدین ثانی چشتی نظامیؒ اور ان کے والد ماجد حضرت شیخ مجدد الدین چشتی ابن شیخ سراج الدین چشتیؒ ابن حضرت خواجہ کمال الدین علامہ چشتی خواہر زادہ حضرت مخدوم خواجہ نصیر الدین روشن چراغ دہلی اور سلطان المشائخ حضرت خواجہ نظام الدین اولیاء محبوب الٰہی دہلوی کی نیاز دلائے۔ انشاء اللہ تعالیٰ مقصد پورا ہوگا۔

ختم شریف

حضرت خواجہ محمد معصوم نقشبندی

(۱۴۴) حل مشکلات اور تمام مقاصد میں کامیابی کیلئے قیوم زمانی حضرت خواجہ

محمد معصوم نقشبندی مجددی قدس اللہ سرہ العزیز کا ختم شریف مجرّب ہے۔

نمازِ عصر کے بعد یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْن پانچ سو مرتبہ پڑھے اوّل و آخر درود شریف گیارہ گیارہ مرتبہ حضرت خواجہ محمد معصوم نقشبندی ابن حضرت مجدد الف ثانی اور دیگر خواجگانِ نقشبندیہ کی ارواح مقدّسہ پر ایصال ثواب کرے۔

(۱۴۵) توشہ حضرت سرکار بانسہ

قطب الآفاق حضرت سیدنا شاہ عبد الرزاق قادری بانسوی کا توشہ بہ ترکیب ذیل حصول مقاصد کے لئے اکسیر ہے۔

اڑھائی سیر مُرغ کا گوشت یا دو مُرغ۔ ساڑھے تین سیر میدے کی روٹیاں ڈھائی پاؤ گھی۔ طہارت کے ساتھ کھانا پکا کر سیدنا حضرت شاہ عبد الرزاق بانسویؒ ان کے پیر و مرشد حضرت سید میر عبد الصمد خدا نما قادری احمد آبادیؒ مخدوم حضرت شیخ احمد عبد الحق چشتی ردولوی اور بزرگان سلاسل قادریہ وچشتیہ کی ارواحِ پاک پر ایصال ثواب کرے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد مقصد برآری ہوگی۔

وظیفہ نام پاک حضرت ترکؒ پانی پتی

سیدنا حضرت مخدوم سید علاؤ الدین علی احمد صابر کلیریؒ کے خلیفہ

خاص سیدنا حضرت خواجہ شیخ شمس الدین ترکؒ چشتی پانی پتی کے نام پاک کا وظیفہ حل مشکلات کے لئے اکسیر ہے۔ طریقہ یہ ہے کہ نمازِ عشاء کے بعد باوضو ایک لاکھ مرتبہ پڑھے "یا شمس الدین ترک" ہر سو مرتبہ کے بعد یا شمس الدین ترک مشکل کشا کہے۔ اگر تنہا نہ پڑھ سکے تو دوسروں کو شریک کرلے۔ کپڑے اور مقام پاک اور صاف ہو بخورات سلگائے۔

وظیفہ نام پاک حضرت مخدومؒ ردولوی (۱۴۷)

جب کوئی سخت مشکل درپیش ہو تو رات کو پاک مقام پر باوضو تین سو ساٹھ مرتبہ پڑھے۔

اغثنی وامددنی یا شیخ عبدالحق

انشاء اللہ تعالیٰ ایک ہفتہ کے اندر حاجت پوری ہوگی۔ مقصد پورا ہونے پر تاج الاولیاء حضرت مخدوم شیخ احمد عبدالحق چشتی صابری ردولوی۔ ان کے پیرومرشد حضرت شیخ شمس الدین صابر کلیری و دیگر خواجگانِ چشت اہل بہشت کی نیاز دلائے۔

باب ۱۱

اسمائے الٰہی اور مؤکلوں کی زکوٰۃ اور عملیات کے طریقے

کسی عمل، وظیفہ یا نقش میں کامیابی حاصل کرنے کے لئے مؤکلوں کے نام ستاروں کی ساعات اور تعویذ لکھنے کے طریقوں کا علم ضروری ہے ناواقفیت کی بناء پر جو عملیات کئے جائیں وہ محتاجِ تاثیر رہتے ہیں۔ خاص کر ان لوگوں کے لئے جو عملیات کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کے حاجت مند بندوں کی امداد کرنا چاہتے ہیں ان باتوں کا علم ضروری ہے۔

(۱۴۸) حروفِ تہجی کے مؤکلوں کے نام

اللہ تعالیٰ کے کسی نام پاک یا عزیمت وغیرہ کی دعوت دینے کے لئے حروف تہجی کی زکوٰۃ ضروری ہے۔

ہر حروف کا ایک مؤکل ہے جس کی تفصیل صـ ۹۵ اور ۹۶ پر ہے۔

حروف تہجی	موکل مجرد	موکل ترکیبی	نام اللہ تعالیٰ
ا	آئیل	اسرافیل	اَللہُ
ب	بائیل	جبرائیل	بَاسِطُ
ت	تائیل	عزرائیل	تَوَّابُ
ث	ثائیل	میکائیل	ثَابِتُ
ج	جائیل	کاکائیل	جَمِیْلُ
ح	حائیل	تنکفیل	حَمِیْدُ
خ	خائیل	میکائیل	خَبِیْرُ
د	دائیل	دردائیل	دَلِیْلُ
ذ	ذائیل	اہرائیل	ذَاکِرُ
ر	رائیل	اموائیل	رَحْمٰنُ
ز	زائیل	شرقائیل	زَکِیُ
س	سائیل	صحرائیل	سَمِیْعُ
ش	شائیل	ہمرائیل	شَکُوْرُ
ص	صائیل	اعجمائیل	صَمَدُ
ض	ضائیل	عطکائیل	ضَامِنُ
ط	طائیل	سماعیل	طَیِّبُ
ظ	ظائیل	نورائیل	ظَاہِرُ
ع	عائیل	لومائیل	عَلِیْمُ
غ	غائیل	لوخائیل	غَفُوْرُ

ف	فائیل	سرحائیل	فتاحُ
ق	قائیل	عطرائیل	قہارُ
ک	کائیل	فرونائیل	کریمُ
ل	لائیل	طاطائیل	لطیفُ
م	مائیل	رومائیل	معزُّ
ن	نائیل	حونائیل	ناصرُ
و	وائیل	فتمائیل	ودودُ
ہ	ہائیل	دردیائیل	ھادیُ
ی	یائیل	سراطائیل	یاسرُ

طریقہ زکوٰۃ

حروف تہجی کی زکوٰۃ کا طریقہ یہ ہے کہ قمری مہینے کی شروع تاریخ سے بشرطیکہ قمر درعقرب نہ ہو۔ دعوت شروع کرے منہیات سے پرہیز کرکے روزہ رکھے اور جس حروف کی زکوٰۃ اداکرنی ہو اس کی عزیمت اس طرح بنائے۔

(الف) یا اسرافیل یا آئیل بحق یا اللہ ہو۔

(ب) یا جبرئیل یا بائیس بحق یا باسطُ

(ت) یا عزرائیل یا تائیں بحق یا توابُ قِسْ عَلَی ھٰذَا ۴۴۴۴

عزیمت پابندی وقت وشرائط سے روزانہ چار ہزار چار سو چوالیس مرتبہ پڑھے اور ۲۸ دن میں دعوت ختم کرے۔ زکوٰۃ کے درمیان روزے برابر رکھے

اگر کسی دن اتفاق سے روزہ قضا ہو جائے یا روزے میں خلل پڑے تو تمام دن فاقہ کرے روزہ، خرما، نمک یا پانی سے افطار کرے دورانِ زکوٰۃ میں پوشاک صاف رکھے عطریات کا استعمال ضروری ہے۔ نماز پابندی سے ادا کرے۔ مکان تنہا اور تاریک ہو۔ درود شریف کثرت سے ورد کرے تاکہ رجعت کا اندیشہ نہ رہے۔

ترکِ حیوانات جلالی:۔ دراصل حیوانی خصلتوں کو ترک کرنا ہے زنا اور دیگر کبائر کے علاوہ گائے۔ بکرے کے گوشت، مچھلی، انڈا، لہسن، پیاز، گھی، شہد، دودھ مشک، عنبر، چونا اور جندوغیرہ سے پرہیز کرے۔

ترکِ حیوانات جمالی:۔ گھی، دودھ، سرکہ، نمک اور گائے کے گوشت سے دورانِ زکوٰۃ پرہیز کرے۔

محرمات اجراحی:۔ جسم کی آرائش۔ سلی ہوئی پوشاک پہننے۔ فصد کھلوانے اور پچھنے لگوانے سے پرہیز کرے۔

(۱۵۰) مثلث نقش پُر کرنے کا طریقہ

تعویذوں کی مختلف قسمیں ہیں لیکن زیادہ تر مثلث و مربع سے کام لیا جاتا ہے۔ نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے جس نام پاک یا دُعا کا تعویذ بنانا ہے اس کے اعداد طریقہ ابجد سے نکال کر ۱۲ گھٹاؤ باقی کو تین پر تقسیم کرو حاصلِ تقسیم جو عدد ہو تو اس سے نقش شروع کرو اگر ایک ہے تو ساتویں خانہ میں اگر دو بچے ہیں تو چوتھے خانہ میں زیادہ کرو۔

مربع نقش پُر کرنے کا طریقہ

(۱۵۱)

مربع نقش پُر کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ جس نام باری تعالیٰ یا دُعا کا نقش بنانا ہو اس کے اعداد نکال کر ۳۰ (تیس گھٹاؤ) باقی کو چار پر تقسیم کرو۔ جو حاصل قسمت ہو اس سے نقش شروع کرو باقی جو رہے اس کا عمل حسب ذیل شعر پر کرو ؎

ایک کسر گھر تیرہواں دو کسر گھر نو

تین کسر گھر پانچواں سو نقش پورا ہو

مثلاً کسی شخص کو "رحیم" کا نقش پُر کرنا ہے اس کے اعداد ۲۵۸ ہیں۔ تیس گھٹائے تو ۲۲۸ ہوئے۔ ان کو چار پر تقسیم کیا تو حاصل قسمت ۵۷ ہوئے نقش اس طرح پُر کیا جائے گا۔

۲۸۶

۶۴	۶۷	۷۰	۵۷
۶۹	۵۸	۶۳	۶۸
۵۹	۷۲	۶۵	۶۲
۶۶	۶۱	۶۰	۷۱

مقصد کے لحاظ سے تعویذوں کے خواص

اربعہ عناصر کے لحاظ سے تعویذوں کے خواص بھی چار ہوتے ہیں۔

۱۔ آتشی ۲۔ بادی ۳۔ آبی ۴۔ خاکی

(۱) خواب بندی، تسخیر حکام، فتوحات اور دست غیب کے لئے ——— آتشی

(۲) محبت اور زبان بندی کے لئے ——— بادی

(۳) قیدی کی رہائی اور مصیبت سے نجات حاصل کرنے کے لئے ——— آبی

(۴) دشمن کو ہلاک کرنے کے لئے ——— خاکی

تعویذ آتشی لکھتے وقت منہ جانب مشرق ہو ایک زانو بیٹھے اور آگ قریب رکھے تعویذ بادی لکھتے وقت دریا، سمندر، چشمے یا کنوئیں کے کنارے بیٹھے منہ جانب شمال ہو۔ اگر پانی میں بیٹھ کر لکھے تو اور بھی زیادہ اثر ہو۔

تعویذ خاکی لکھتے وقت ایک زانو زمین پر بیٹھے۔ مکان تنہا ہو اور منہ جانب جنوب رہے۔

(۱۵۳) تعویذ لکھنے کے اوقات

۱۔ محبت، ترقی، رزق، روزگار، فتوحات، تسخیر، دستِ غیب: رہائی، محبوس، دفعیہ بلیات کے لئے، وقت صبح۔

۲۔ بیمار کی صحت اور امراض دُور کرنے کے لئے دوپہر سے کچھ دیر پیشتر۔

۳۔ عداوت، دشمنی، زبان بندی، خواب بندی، دشمن کو شکست دینے کے لئے وقتِ ظہر۔

۴۔ دشمن کو ہلاک کرنے۔ دو آدمیوں میں دشمنی کرانے، چور کو سزا دینے کے لئے وقت ظہر و عصر کے درمیان۔

۵۔ مخالفوں کی بدگوئی سے محفوظ رہنے اور اپنی عزّت و آبرو بچانے کیلئے وقت

عشتار - تعویذ لکھتے وقت اس بات کا خیال رکھنا چاہیئے کہ جسم و پوشاک پاک وصاف ہو۔کسی سے گفتگو نہ کرے اور ناپاک یا غیر محرم عورت کا سایہ نہ پڑے۔

محبت، تسخیر اور فتوحات وغیرہ کے لئے عروج ماہ میں تعویذ لکھنا چاہیئے۔

عملیات ونقوش

کیلئے

ساعات

(۱۵۴) عملیات ونقوش کے وقت ستاروں کی ساعات کا ضرور لحاظ رکھنا چاہیئے۔ستاروں کی ساعات طلوع وغروب آفتاب سے شروع ہوتی ہیں اور ہر ستارہ کی ساعت ایک گھنٹہ رہتی ہے۔

ناظرین کی سہولت اور استفادہ کے لئے ستاروں کی ساعات کا نقشہ صفحہ ۱۰۱ پر درج ہے۔

ستاروں کی ساعات کا نقشہ

روز

ہفتہ	جمعہ	جمعرات	بدھ	منگل	پیر	اتوار	دن
زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	۱
مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	۲
مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	۳
آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	۴
زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	۵
عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	۶
قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	۷
زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	۸
مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	۹
مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	۱۰
آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	۱۱
زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	۱۲
عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	۱۳
قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	۱۴
زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	۱۵
مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	۱۶
مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	۱۷
آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	۱۸
زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	۱۹
عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	۲۰
قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	۲۱
زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	۲۲
مشتری	عطارد	مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	۲۳
مریخ	قمر	آفتاب	زحل	زہرہ	مشتری	عطارد	۲۴

شب

عملیات کے موزوں ساعات

(۱۵۵)

۱۔ شمس :۔ اس ساعت میں تسخیر حکام ، واپسی مفرور ، محبت ۔ شفائے بیمار فتوحات وغیرہ کے لئے تعویذ لکھنا اور وظائف شروع کرنا مفید ہے ۔

۲۔ قمر :۔ اس ساعت میں محبت ، شفائے امراض ، قیدی کی رہائی وغیرہ کے لئے تعویذ لکھنا یا عمل کرنا زود اثر ہے ۔

۳۔ مشتری :۔ اس ساعت میں غائب کو حاضر کرنے ، محبوب کو بلانے اور بیمار کی شفا کے لئے تعویذ لکھنا یا عمل کرنا مفید ہے ۔

۴۔ زہرہ :۔ اس ساعت میں زراعت کی حفاظت ، محبت ، زبان بندی ، قیدی کی رہائی ، ترقی رزق وغیرہ کیلئے تعویذ لکھنا یا عمل کرنا مفید ہے ۔

۵۔ عطارد :۔ بیمار کی صحت ۔ امراء وزراء کی تسخیر ۔ تجارت اور کاروبار میں ترقی کے لئے تعویذ لکھنا اور عمل کرنا زود اثر ہے ۔

۶۔ مریخ :۔ اس ساعت میں دشمن پر فتح پانے ، جدائی کرانے کسی دشمن کو بیمار کرنے ، زبان بندی ، خواب بندی کے لئے تعویذ لکھنا اور عمل کرنا سودمند ہے ۔

۷۔ زحل :۔ اس ساعت میں دشمن کو ہلاک کرنے ، دشمنوں میں پھوٹ ڈلوانے اور جدائی کے لئے تعویذ لکھنا اور عمل کرنا زود اثر ہے ۔

★

ستاروں کے بخورات

(۱۵۶)

جس ستارے کی ساعت میں کوئی تعویذ لکھا جائے یا وظیفہ پڑھا جائے اس کی دھونی کا خیال رکھنا بھی ضروری ہے۔ عملیات کے سلسلہ میں اگر ستاروں کی ساعت کے مطابق صحیح بخورات کا انتظام کیا جائے تو اثر بہت جلد ظاہر ہوتا ہے۔

بخورات کی تفصیل درج ذیل ہے۔

(۱) شمس :۔ عود، دارچینی، مُشک

(۲) قمر :۔ کافور، شہد، عود

(۳) عطارد :۔ سُرخ لونگ، صندل، کافور

(۴) مشتری :۔ دیسی شکر، سُرخ صندل، کافور، مُشک، عود

(۵) زھرہ :۔ سفید صندل، اسپند، کافور، عنبر

(۶) مریخ :۔ لوبان، عود

(۷) زحل :۔ رال، لوبان، گوگل، سرسوں

حروف تہجّی کے اعداد

(۱۵۷) اُوپر بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے نام یا کسی دُعا سے نقش پُر کرتے وقت اس کے اعداد بحساب ابجد نکالے جائیں۔ حروف تہجی کے مقررہ حروف صفحہ ۱۰۴ پر ملاحظہ فرمائیے۔

ا	ب	ج	د
۱	۲	۳	۴
ہ	و	ز	ح
۵	۶	۷	۸
ط	ی	ک	ل
۹	۱۰	۲۰	۳۰
م	ن	س	ع
۴۰	۵۰	۶۰	۷۰
ف	ص	ق	ر
۸۰	۹۰	۱۰۰	۲۰۰
ش	ت	ث	خ
۳۰۰	۴۰۰	۵۰۰	۶۰۰
ذ	ض	ظ	غ
۷۰۰	۸۰۰	۹۰۰	۱۰۰۰

مثلاً کسی شخص کو اسم "لطیف" پڑھنا ہے یا اُس کا نقش پُر کرنا ہے تو بحساب ابجد اعداد اس طرح حاصل کیے جائیں گے ۔

ل	ط	ی	ف
۳۰	۹	۱۰	۸۰

میزان ۱۲۹

ختم شد

میں نے اس کتاب عملیات اولیاء کو بغور پڑھا ہے ۔ اس کے عربی کے مضمون میں کسی قسم کی غلطی نہیں ہے ۔

تصدیق نامہ

تصدیق نامہ

دستخط

حافظ محمد عبدالرؤف